GOVERNMENT OF TAMILNADU

تیسری جماعت

STANDARD THREE

میعاد - II

TERM - II

حساب

سائنس

سماجی سائنس

MATHEMATICS

SCIENCE

SOCIAL SCIENCE

(URDU MEDIUM)

Department of School Education

Untouchability is inhuman and a crime

Government of Tamil Nadu

First Edition - 2026

(Published under New Syllabus in Trimester Pattern)

A call can change your life (24×7 toll free helplines for children below 18 years)

If you are forced into
Child Marriage or Child Labour,
If you are Emotionally,
Physically, Sexually
Harassed or Abused,

CHILD LINE 1098 NIGHT & DAY

If you feel unsafe dial CHILDLINE 1098 Night & Day

Caller details will be kept confidential

If you are feeling Threatened or
being Abused or Harassed -
Emotionally, Physically or Sexually,
If you are feeling unsafe,
If you need guidance for
Examinations or Higher Education

14417
Education Information Centre

Dial 14417

Caller details will be kept confidential

Price : Rs.

Content Creation

State Council of Educational Research and Training

© SCERT 2026

Printing & Publishing

Tamil Nadu Textbook and Educational Services Corporation

Foreword

The early years of childhood are a time of wonder-when curiosity is boundless, imagination is vivid, and every experience becomes a step in the journey of learning. These textbooks for Classes 1 to 3 have been developed to honour this spirit, creating a learning experience that is joyful, meaningful, and engaging.

Developed as part of the **Tamil Nadu State Education Policy-2025**, these books mark a significant step towards strengthening foundational education in the State. The vision and direction provided by the **Hon'ble Minister for School Education** have ensured that the policy's emphasis on child-centred, competency-based, and inclusive learning is meaningfully reflected in these materials.

The leadership of the **Additional Chief Secretary,** School Education has been instrumental in ensuring the integration of 21st-century skills and knowledge, and in shaping the textbooks into engaging story-driven learning experiences.

This is further reflected in a competency-based approach to curriculum and assessment that moves beyond rote learning to foster deep conceptual understanding and meaningful application. The integration of value education to build character, along with life skills, art and motor skill development, enables the holistic development of the child.

The members of the High-Level Curriculum Expert Committee, the Chairperson and the members of the Curriculum Development Committee, have provided constant guidance, shaping and refining these materials through their insights and expertise, alongside the contributions of educators and practitioners acknowledged elsewhere in this book.

At this foundational stage, learning must build strong foundations while supporting the overall development of the child. These textbooks bring together a carefully designed set of features that make learning active, engaging, and meaningful:

- Opportunities for speaking and listening, building confidence in expression
- Activities that strengthen logical thinking and conceptual understanding
- Integrated spaces for reading and writing practice within lessons
- Fine and gross motor skill development through drawing, colouring, tracing, and movement-based tasks
- Simple avenues for independent learning and self-reflection

The books also integrate values and life skills, helping children develop empathy, cooperation, responsibility and confidence.

Learning is guided by a competency-based approach that moves beyond memorisation towards understanding and application. Assessment is embedded within the learning process, making it continuous, meaningful and supportive.

These textbooks are learning companions that invite children to explore, think and express. They represent a shared commitment to enabling every child to learn with joy, grow with confidence, and build a strong foundation for the future-advancing a vision of **"Education reimagined, inclusive, equitable, and future-ready".**

DIRECTOR

State Council of Educational
Research and Training (SCERT)
Tamil Nadu

THE CONSTITUTION OF INDIA

PREAMBLE

WE, THE PEOPLE OF INDIA, having solemnly resolved to constitute India into a **SOVEREIGN SOCIALIST SECULAR DEMOCRATIC REPUBLIC** and to secure to all its citizens:

JUSTICE, social, economic and political;

LIBERTY of thought, expression, belief, faith and worship;

EQUALITY of status and of opportunity;

and to promote among them all

FRATERNITY assuring the dignity of the individual and the unity and integrity of the Nation;

IN OUR CONSTITUENT ASSEMBLY this twenty-sixth day of November, 1949, do **HEREBY ADOPT, ENACT AND GIVE TO OURSELVES THIS CONSTITUTION.**

حرف آغاز

تمل ناڈو ریاستی تعلیمی پالیسی ابتدائی سطح پر سرگرمیوں پر مبنی، کھیل کھیل میں تجرباتی طور پر سیکھنے کے عمل کو زور دیتی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ طلباء قابلیت پر مبنی تعلیم حاصل کریں۔

ریاضی کی صلاحیتوں کو فروغ دینے والے منفرد عناصر



آیئے تلاش کریں۔

اعلیٰ سطح کی سوچ کی طرف بڑھیں۔



آیئے مشق کریں

بصری نمونوں کے ذریعہ بنیادی حساب کے اعمال کو تقویت دینا ہے۔



آیئے کرکے دیکھیں

فعلی مشقیں طلباء میں ہم آہنگی پیدا کرنے اور نئے تصورات کو ذہن نشین کرنے میں مدد کرتے ہیں۔



آیئے سیکھیں

اسباق اور کہانیوں اور روزمرہ کی صورت حال کے ذریعہ جوڑنا تاکہ روزمرہ کے تجربات حاصل کئے جائیں۔

پہلی میعاد کی نصابی کتاب دو اکائیوں پر منتظم ہے۔ یہ دونوں اکائیاں ایک بتدریج نقطہ نظر پر مبنی ہیں۔



اکائی - 1

999 تک کے اعداد کو برتنا

شکلوں کی خصوصیات کو جاننا



اکائی - 2

999 پر اعداد کے اعمال کرنا

معیاری پیمائشوں کے ذریعہ وزنوں کا موازنہ کرنا

نصابی کتاب کی قابل قدر خصوصیات



ڈیجیٹل ذرائع

طلباء کو تجرباتی طور پر تعلیم فراہم کرنا، مختلف تعلیمی طریقوں سے آہستہ سے خود تعلیم حاصل کرنا



دستی کتاب برائے اساتذہ

نصابی کتاب کے علاوہ سرگرمیوں کی تفصیلات، اضافی معلومات فراہم کرنا



ہمہ جہتی تعلیم

حرکی مہارتوں، فن، زندگی کی مہارتیں اور اقدار کا یکجا ہونا

تشخیص اور حل

نصابی کتاب میں دی گئی سرگرمیاں منطقی سوچ، تجزیاتی مہارت، ریاضیات کے ساتھ تعلق، 21 ویں صدی کی جدید مہارتوں کو واضح طور پر سوالات اور جانچ کے ذریعہ پیش کرتی ہیں۔



میں کرسکتا ہوں

زبانی سرگرمیوں، تحریری سرگرمیوں اور پراجکٹوں کے ذریعہ تدریسی نتائج کی جانچ کی جاتی ہے۔



سیکھنے کی جانچ

نظریات کو کس حد تک سمجھا گیا ہے، اس کا حل کیا ہے، اس کی جانچ کے لئے ہر سبق کے آخر میں دائرہ کار فراہم کیا گیا ہے۔

ریاضی کی تدریس صرف کلاس روم کے اندر تک محدود نہیں ہوتی۔ مختلف سماجی تعلقات کے ذریعہ طلباء حساب سے آشنا ہوتے ہیں۔ چنانچہ اساتذہ سے گزارش ہے کہ وہ طلباء کے ریاضی سوتوں کو کھولنے کے لئے کلاس روم کے علاوہ مختلف ذرائع کا استعمال کریں تاکہ طلباء کے اندر ریاضی کے سوچ کی صلاحیت پیدا کی جاسکے۔

MATHEMATICS حساب

TERM – II میعاد - II

مضامین

اکائی - I

اسباق



1۔ ہماری بچت 1

2۔ ڈاک کا لفافہ 15

3۔ اس طرح بھی جمع کر سکتے ہیں! 25

اکائی - II

اسباق



4۔ کیلے کے کل کتنے پودے ہیں؟ 34

5۔ کل اور آج 52

6۔ اس طرح بھی تفریق کر سکتے ہیں! 56

AX5TC e-book

KR6FW Inclusive book

QF6SV THB

CU1SU Assessment

اکائی I

1. ہماری بچت

آیئے سیکھیں

مالنی، نکل اور سیتا اسکول جا رہی تھیں، راستہ میں وہ اپنی جمع کی ہوئی رقم کے بارے میں باتیں کرنے لگے کہ اس رقم سے اپنی پسندیدہ کھیلوں کی چیزیں خریدیں گی۔













باتیں کرتے کرتے تینوں اسکول چلی گئیں۔

ہدایات برائے اساتذہ

اس تصویری کہانی سے بچوں کو یہ تصورات سمجھائیں۔ کسی عدد سے 100 زیادہ، کسی عدد سے 100 کم، کسی عدد سے 10 زیادہ ، کسی عدد سے 1 زیادہ، کسی عدد سے 1 کم

آیئے کر کے دیکھیں





بچوں کو دو گروہوں میں تقسیم کیجئے۔ پہلا گروہ سے کہیں کہ وہ کوئی ایک عدد بتائے، دوسرے گروہ سے کہیں کہ وہ اس عدد سے ایک زیادہ، ایک کم، دس زیادہ، دس کم، سو زیادہ، سو کم بتائے۔

آیئے مشق کریں

تصویروں میں دیے گئے اعداد کا مشاہدہ کریں اور خالی جگہ بھرتی کریں۔

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
21	22	23	24	25	26	27	28	29	30
31	32	33	34		36	37	38	39	40
41	42	43		45		47	48	49	50
51	52	53	54		56	57	58	59	60
61	62	63	64	65	66	67	68	69	70
71	72	73	74	75	76	77	78	79	80
81	82	83	84	85	86	87	88	89	90
91	92	93	94	95	96	97	98	99	100



64 میں 1 جمع کرنے سے ..... 65 ..... حاصل ہوتا ہے۔

64 میں 1 کم کرنے سے ..... حاصل ہوتا ہے۔

64 میں 10 جمع کرنے سے ..... حاصل ہوتا ہے۔

64 میں 10 گھٹانے سے ..... حاصل ہوتا ہے۔

64 میں 25 جمع کرنے سے ..... حاصل ہوتا ہے۔

64 میں 25 گھٹانے سے ..... حاصل ہوتا ہے۔

50 میں 14 جمع کرنے سے ..... حاصل ہوتا ہے۔

100 میں 36 گھٹانے سے ..... حاصل ہوتا ہے۔



آیئے مشق کریں

چھوٹے ہوئے اعداد لکھیں



اشاروں کی مدد سے گنتی کرتے ہوئے خالی جگہوں میں چھوڑ چھوڑ کر اعداد لکھئے۔

چھ چھ چھوڑ کر

18	287
24	293

پانچ پانچ چھوڑ کر

15	164
20	169

چار چار چھوڑ کر

12	147
16	151

نو نو چھوڑ کر

36	603
	612
72	

آٹھ آٹھ چھوڑ کر

69	472
	480
93	

سات سات چھوڑ کر

69	518
76	525



آیئے مشق کریں

جدول مکمل کیجئے

عددی جملہ	اعداد	موتیاں
200 میں 93 جمع کرنے سے (200+93) 300 سے 7 تفریق کرنے پر (300-7)	293	
____ میں ____ جمع کرنے سے (____ + ____) ____ سے ____ تفریق کرنے پر (____ – ____)		
____ میں ____ جمع کرنے سے (____ + ____) ____ سے ____ تفریق کرنے پر (____ – ____)		
____ میں ____ جمع کرنے سے (____ + ____) ____ سے ____ تفریق کرنے پر (____ – ____)		

دیے گئے اعداد کے لئے جمع کے حساب لکھئے۔









آیئے تلاش کریں

نیچے دیے گئے طریقوں کے مطابق اعداد لکھیے۔





درمیانی حصہ میں ''میں کون ہوں'' اور اطراف میں کون کون ہیں، لکھیے۔



آیئے کر کے دیکھیں



ہدایات برائے اساتذہ

بچوں کو دو گروہوں میں تقسیم کیجئے، ہر گروہ کو تین ہندسوں والے پانچ مختلف عددی کارڈ اور ان اعداد کے نام والے کارڈ دیں۔ بچوں سے کہیں کہ ہر عدد کو اس کے نام والے کارڈ کے ساتھ ملائیں اور پھر سب کو دکھائیں۔

آیئے مشق کریں

عددی نام مکمل کیجئے۔

345	تین سو _____ پر پانچ
639	_____ تیس پر نو
817	_____ آٹھ سو
902	_____ نو سو
486	_____ چار سو اسی پر
253	دو سو _____ پر تین
194	_____ نو د پر چار
700	

درج ذیل ہندسوں کے عددی نام لکھئے۔

374	
645	
432	
824	
598	
756	
999	

آیئے سیکھیں

اگر ایک خرگوش عددی خط پر 0 سے شروع کر کے 10 چھلانگیں لگائے تو وہ کس عدد تک پہنچے گا؟



آیئے مشق کریں

عددی خط کا مشاہدہ کیجئے اور خانوں کو بھرتی کیجئے۔



عددی خط پر نشان لگائے گئے اعداد لکھئے۔

i) 110, 115, 125, 135, 145



ii) 555, 565, 578, 589, 598



iii) 825, 842, 853, 874, 899



عددی خط پر نشان لگائے گئے اعداد لکھئے۔





آیئے مشق کریں

عددی خط پر نشان لگے ہوئے اعداد معلوم کریں، ہر دو اعداد کے درمیان کتنے عدد کا فاصلہ ہے۔ لکھئے۔



i۔ عدد 610 اور 620 کے درمیان عدد 613 آتا ہے۔

ii۔ عدد ..... اور ..... کے درمیان عدد ..... آتا ہے۔

iii۔ عدد ..... اور ..... کے درمیان عدد ..... آتا ہے۔

iv۔ عدد ..... اور ..... کے درمیان عدد ..... آتا ہے۔

v۔ عدد ..... اور ..... کے درمیان عدد ..... آتا ہے۔



آیئے تلاش کریں

نیچے دئے گئے اعداد کے درمیان کا مناسب فرق بتایئے۔

اعداد	سو	پچاس	دس
128	100 اور 200	100 اور 150	120 اور 130
376			
435			
791			
857			

دئے گئے اعداد کے درمیان والے درست حصہ پر رنگ بھریئے



50 اور 60

60 اور 70

70 اور 80



300 اور 350

350 اور 400

250 اور 300



80 اور 90

90 اور 100

100 اور 110



600 اور 700

700 اور 800

800 اور 900

آیئے مشق کریں

گاجر تک پہنچنے کے لئے خرگوش کو کن اعداد پر سے گزرنا ہوگا؟



265, 266,



اپنے دوست تک پہنچنے کے لئے پنگوئن کو کن اعداد پر سے گزرنا ہوگا؟





عددی خط کا مشاہدہ کیجئے اور درج ذیل کے جوابات لکھئے۔



i۔ ہرن ..... عدد پر کھڑا ہے، اس سے پہلے والا عدد ..... ہے۔

ii۔ بھیڑ ..... عدد پر کھڑا ہے، اس کے بعد والا عدد ..... ہے۔

iii۔ شیر ..... عدد پر کھڑا ہے، اس سے پہلے والا عدد ..... ہے۔

iv۔ کتا ..... عدد پر کھڑا ہے، اس کے بعد والا عدد ..... ہے۔

v۔ بھیڑ اور خرگوش کے درمیان والا عدد ..... ہے۔

آیئے مشق کریں

دس دس کی گنتی چھوڑ کر اعداد لکھئے۔



بیس بیس کی گنتی چھوڑ کر اعداد لکھئے



پچاس پچاس کی گنتی چھوڑ کر اعداد لکھئے۔



آیئے سیکھیں

پھلوں کی دکان پر موجود پھلوں کی تعداد کا موازنہ کرنے کے لئے مناسب علامت (=,> , <) کا استعمال کیسے کیا جاتا ہے۔ یعنی کون سے پھل زیادہ ہیں اور کون سے کم؟



سیب کی تعداد = 83

امرود کی تعداد = 90

90 سے 83 کم ہے۔

83 < 90. اسے اس طرح ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

ہم ایسا بھی کہہ سکتے ہیں

83 سے 90 زیادہ ہے۔

90 > 83. اسے اس طرح بھی ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

آیئے کر کے دیکھیں





ہدایات برائے اساتذہ

بچوں کو تین گروہوں میں تقسیم کیجئے، پہلے دو گروہوں سے کہیں کہ استاد کی دی ہوئی ہدایت کے مطابق تین ہندسوں والے اعداد کے مطابق موتی چنیں، تیسرے گروہ سے کہیں کہ دونوں گروہوں کے موتی گن کر بتائیں کہ کس گروہ کے موتی زیادہ ہیں اور کس کے کم ، پھر دونوں اعداد پر صحیح علامت لگائیں۔

آیئے مشق کریں

موتیوں کو گن کر اعداد لکھیں اور دونوں اعداد کے درمیان درست علامت (=,<,>) لگائیں۔

	201	195
		
		
		

آیئے مشق کریں

خالی جگہ مناسب علامت لگائیں۔ (=, <, >)

121 ◯ 221	712 ◯ 674	458 < 503
296 ◯ 298	633 ◯ 633	850 ◯ 805

سب سے بڑے عدد پر رنگ بھریئے۔

239 123 521 456 312

928 925 923 926 929

374 473 347 437 743

466 467 469 461 462

سب سے چھوٹے عدد پر رنگ بھریئے۔

245 617 362 539 445

642 645 641 647 640

150 721 478 350 936

131 137 134 132 135

جوڑ لگایئے۔

328 میں 3 سو ہیں، جب کہ 828 میں 8 سو ہیں۔	990 بڑا ہے 99 سے کیونکہ
674 میں 7 دس ہیں اور 647 میں 4 دس ہیں۔	328 چھوٹا ہے 828 سے کیونکہ
990 میں 9 سو ہیں، جب کہ 99 میں سو نہیں ہے۔ (0 سو)	674 بڑا ہے 647 سے کیونکہ

آیئے کر کے دیکھیں





ہدایات برائے اساتذہ

پانچ بچوں کو بلائیں اور ہر بچے سے کہیں کہ وہ دیئے گئے عددی کارڈز میں سے پانچ کارڈ چن کر دائرے کے اندر رکھے، پھر بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے گئے اعداد کا موازنہ کریں، اس کے لئے پہلے سینکڑوں، پھر دہائیوں اور آخر میں اکائیوں کو دیکھیں، اس کے بعد اعداد کو صعودی اور نزولی ترتیب میں رکھیں۔

آیئے مشق کریں

نیچے دیے گئے اعداد کو نزولی اور صعودی ترتیب میں لکھئے۔



صعودی ترتیب : _____

نزولی ترتیب : _____



صعودی ترتیب : _____

نزولی ترتیب : _____

دیے گئے اعداد کو صعودی ترتیب میں لکھیں۔



[ ] < [ ] < [ ] < [ ] < [ ]



[ ] < [ ] < [ ] < [ ] < [ ]

دیے گئے اعداد کو نزولی ترتیب میں لکھیں۔



[ ] > [ ] > [ ] > [ ] > [ ]



[ ] > [ ] > [ ] > [ ] > [ ]

اعداد کی ترتیب کو غور سے دیکھیں اور صحیح عدد چن کر لکھیں۔

988, 986, ___, 983, 981



721, 724, ___, 727, 729



100 سے 999 تک اپنی پسند کے کوئی پانچ اعداد لکھیں اور انہیں صعودی اور نزولی ترتیب میں رکھیں۔

اپنی پسند کے اعداد					
صعودی ترتیب					
نزولی ترتیب					

سیکھنے کی جانچ

1۔ عددی نام لکھئے۔



.....

2۔ عددی خط پر دئے گئے اعداد کو نشان زد کریں ۔

109, 146, 124, 112, 134



3۔ مناسب علامت (= , < , >) لگا کر خالی جگہ بھرتی کیجئے۔

648 ◯ 842	771 ◯ 177	229 ◯ 229

4۔ سب سے بڑے عدد میں رنگ بھریئے۔



5۔ دئے گئے اعداد کو صعودی اور نزولی ترتیب میں لکھئے۔



صعودی ترتیب : _____

نزولی ترتیب : _____

میں نے جو سیکھا

- میں 999 تک کے عددی نام لکھ سکتا ہوں۔ ☐
- میں اعداد کو عددی خط پر نشان زد کر سکتا ہوں۔ ☐
- عددی خط پر ماقبل اور مابعد کی گنتی لکھ سکتا ہوں۔ ☐
- عددی خط پر کسی عدد سے پہلے، بعد اور درمیان آنے والے عدد کو نشان زد کر سکتا ہوں۔ ☐
- چھلانگ لگا کر گنتی کرتے ہوئے اعداد کو عددی خط پر لکھ سکتا ہوں۔ ☐
- دئے گئے اعداد میں سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا عدد معلوم کر سکتا ہوں ☐
- دئے گئے اعداد کو صعودی اور نزولی ترتیب میں ترتیب دے سکتا ہوں۔ ☐

2. ڈاک کا لفافہ

آیئے سیکھیں

ڈاکیہ کے ہاتھ میں موجود تصویر کے لفافہ کی حالت کو غور سے دیکھئے، آپ کو کیسے لگتا ہے۔ بتایئے؟



آیئے کر کے دیکھیں



کلاس روم کے درمیان میں ایک دائرہ بنائیں، مربع، مستطیل، دائرے اور مثلث کی مختلف قسم کی شکلوں کے کارڈ تیار کر کے انہیں کمرے میں مختلف جگہوں پر رکھیں۔ بچوں کو چار گروہوں میں تقسیم کریں۔ ہر گروہ کو کمرے کے ایک کونے میں کھڑا کریں اور ہر گروہ کو ایک شکل کا نام دیں۔ استاد کے اشارہ کرتے ہی ہر گروہ کے بچے باری باری اپنی شکل کا کارڈ اٹھا کر اپنے گروہ کے کونے میں رکھیں۔

ہدایات برائے اساتذہ

آیئے مشق کریں

ایک جیسی شکلوں کو آپس میں ملائیں۔



آیئے مشق کریں

مختلف مقامات پر بنی ہوئی ایک جیسی شکلوں کو آپس میں ملائیں۔



آیئے تلاش کریں

صحیح جواب منتخب کریں

1۔ کون سی شکل مستطیل نہیں ہے؟

(a) 
(b) 
(c) 
(d) 

2۔ کون سی شکل مربع نہیں ہے؟

(a) 
(b) 
(c) 
(d) 

3۔ کون سی شکل مثلث نہیں ہے؟

(a) 
(b) 
(c) 
(d) 

کون صحیح ہے؟ بات چیت کیجئے۔



مینو: میری شکل کا سرورق مستطیل شکل کا نہیں ہے۔



سینو: میری کتاب کا سرورق مستطیل شکل کا ہے۔

آیئے سیکھیں









آیئے کر کے دیکھیں



ہدایات برائے اساتذہ

ہر شکل کے ایک جیسے دو نمونے دو پلیٹوں میں رکھیں، دو بچوں کو بلائیں اور ان کی آنکھوں پر پٹی باندھ دیں، پھر دونوں بچوں سے کہیں کہ وہ باری باری کر کے ایک ایک شکل اٹھائیں، شکل چھو کر اور محسوس کر کے اس کی خصوصیات بتائیں۔

آیئے مشق کریں

جدول مکمل کیجئے۔

شکلیں				
ضلعوں کی تعداد				
کونوں کی تعداد				

آیئے مشق کریں

جواب پر درست (✓) کا نشان لگائیں۔

1۔ کون سی شکل کے چاروں ضلعے مساوی ہوتے ہیں؟



2۔ کون سی شکل کے مخالف ضلعے مساوی ہوتے ہیں؟



3۔ کون سی شکل کے تین ضلعے اور تین کونے ہوتے ہیں؟



4۔ کون سی شکل کے نہ تو ضلعے ہوتے ہیں اور نہ ہی کونے؟



آیئے تلاش کریں

معمّہ حل کیجئے۔

اوپر سے نیچے	دائیں سے بائیں
1۔ ایسی شکل جس کے چاروں ضلعے مساوی ہوتے ہیں۔	3۔ ایسی شکل جس کے مخالف ضلعے مساوی ہوتے ہیں۔
2۔ ایسی شکل جس کے تین ضلعے ہوتے ہیں۔	4۔ ایسی شکل جس کے نہ تو ضلعے ہوتے ہیں اور نہ ہی کونے۔



آیئے کر کے دیکھیں



ہدایات برائے اساتذہ

بچوں کو باری، باری بلائیں، ان سے کہیں کہ وہ بورڈ پر اپنی پسندیدہ شکل بنائیں اور اس کا نام بتائیں۔

آیئے مشق کریں

نقطوں کو ملا کر مربع، مستطیل اور مثلث کی شکلیں بنائیں۔



دیئے گئے مستطیل کے اطراف
ایک بڑا سا مستطیل بنائیں۔



دیئے گئے مربع کے اطراف
ایک بڑا سا مربع بنائیں۔



آیئے سیکھیں

ایک دن رگھو نے اپنے دادا کے کمرے میں ایک پرانا سا ڈبہ دیکھا، اس نے ڈبہ کھولا۔ ڈبہ کے اندر.....









رگھو نے خوشی خوشی کئی اور شکلیں بھی بنائیں۔



بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ ٹین گرام کی مدد سے اپنی پسند کی مختلف شکلیں بنائیں۔

آیئے کر کے دیکھیں

پانچ حصوں والے ٹین گرام Tangram کی مدد سے مختلف شکلیں بنائیں۔



سات حصوں والے ٹین گرام کی مدد سے سے مختلف شکلیں بنائیں۔





بچوں کو گروہوں میں تقسیم کریں، ہر گروہ سے کہیں کہ دس ٹینگرام کے ٹکڑوں کی مدد سے اوپر دی گئی شکلوں جیسی مختلف شکلیں بنائیں۔

آیئے کر کے دیکھیں





ہدایات برائے اساتذہ

بچوں کو دو گروہوں میں تقسیم کیجئے۔ ہر گروہ سے کہیں کہ وہ مربع، مثلث، مستطیل اور دائرے جیسی مختلف شکلوں کی مدد سے ایک نمونہ بنائے۔ پھر ہر گروہ بتائے کہ اس نے اس نمونے کو کس اصول کے تحت بنایا ہے۔

آیئے مشق کریں

شکلوں سے بنے ہوئے نمونوں کو غور سے دیکھیں اور انہیں مکمل کریں۔



آیئے تلاش کریں

صحیح یا غلط لکھیں۔

1۔ اس نمونے کی آٹھویں شکل مربع ہے۔

2۔ اس نمونے میں نویں شکل دائرہ ہے۔

3۔ اس نمونے میں ساتویں شکل مستطیل ہے۔



آیئے سیکھیں



تتلی کے پروں کو غور سے دیکھئے؟
کہ تتلی کے دونوں پر ایک جیسے ہوتے ہیں؟



آپ اس بارے میں کیا سوچتے ہیں؟

ہدایات برائے اساتذہ

آپس میں تبادلہ خیال کریں، ان تصویروں اور نمونوں کو غور سے دیکھیں، جن کے دونوں حصے ایک جیسے ہیں۔ ایسی شکلوں کو متناسب شکل کہتے ہیں

آیئے مشق کریں



ہدایات برائے اساتذہ

کسی ایک تصویر کو درمیان سے دو حصوں میں کاٹیں اور دونوں حصے ایک ڈبے میں رکھ دیں،، بچوں کو باری باری بلائیں، ہر بچہ تصویر کا ایک حصہ اٹھائے، پھر دونوں حصوں کو آپس میں ملا کر تصویر مکمل کریں۔ آخر میں بچوں سے پوچھیں۔ ''کیا تصویر کے دونوں حصے ایک جیسے ہیں؟''۔ یعنی تشاکل میں ہیں۔

آیئے مشق کریں

تصویر کے دوسرے آدھے حصہ میں رنگ بھریں۔







آیئے مشق کریں

صرف ان تصویروں پر دائرہ لگائیں، جو دو برابر حصوں میں بٹی ہوئی ہیں۔



دی گئی تصویروں کو دو مساوی حصوں میں تقسیم کریں۔



آیئے تلاش کریں

1۔ اپنے اطراف میں پائے جانے والی چند چیزوں کے نام لکھیں اور بتائیں کہ یہ تشاکل میں ہیں یا نہیں۔

2۔ دیے گئے خانے کیا متناسب ہیں؟ وجہ بتایئے۔



3۔ ایسی شکل بنائیں جس کے دونوں حصے ایک جیسے ہوں۔

سیکھنے کی جانچ

درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔

1۔ کن کن شکلوں کے ضلعے اور کونے ہوتے ہیں؟

....., ..., ...

2۔ جو شکلیں مربع نہیں ان پر (✓) کا نشان لگایئے۔

(a) 
(b) 
(c) 
(d) 

3۔ جن شکلوں کے نہ ضلعے ہوتے ہیں اور نہ کونے، ان پر درست کا نشان لگایئے۔



4۔ اس نمونے کی آٹھویں شکل پر (✓) کا نشان لگائیں۔





5۔ دی گئی تصویروں کو دو برابر حصوں میں تقسیم کریں۔



میں نے جو سیکھا

میں شکلوں کی مختلف قسموں کو پہچان سکتا ہوں۔	☐
شکلوں کی خصوصیات کو میں جانتا ہوں۔	☐
نقطوں کی مدد سے میں شکلیں بنا سکتا ہوں۔	☐
ٹین گرام کی مدد سے مختلف شکلیں میں بنا سکتا ہوں۔	☐
شکلوں سے بنے ہوئے نمونوں کو میں معلوم کرسکتا ہوں۔	☐
شکلوں میں تناسب کو پہچان سکتا ہوں۔	☐

3. اس طرح بھی جمع کر سکتے ہیں!

آیئے سیکھیں

دیپا اور سدھارتھ اپنی امی کے ساتھ دیوالی کے موقع پر نئے کپڑے خریدنے ایک دکان پر گئے۔ امی نے کہا۔













ہدایات برائے اساتذہ

بچوں کو کہانی سناتے ہوئے سمجھائیں کہ اعداد کو کئی طریقوں سے جمع کیا جا سکتا ہے۔



آیئے مشق کریں

اعداد کو پھیلی ہوئی شکل میں لکھ کر جمع کریں۔



236 = 200 + 30 + 6

225 = 200 + 20 + 5

400 + 50 + 11

400 + 50 + 10 + 1

400 + 60 + 1

236 + 225 = 461

اعداد کو پھیلی ہوئی شکل میں لکھ کر جمع کریں۔

558 + 127 =

= + + +

= + + +

+ +

+ + +

+ +

349 + 216 =

= + +

= + +

+ +

+ + +

+ +

454 + 228 =

= + +

= + +

+ +

+ + +

+ +

712 + 249 =

= + +

= + +

+ +

+ + +

+ +

آیئے کر کے دیکھیں





ہدایات برائے اساتذہ

میز پر 9 سو کے، 18 دہائیوں کے اور 18 اکائیوں کے کارڈ رکھیں۔ ہر گروہ کو جمع کے ایسے دو سوال دیں، جن میں دوبارہ گروپ بنانا پڑے۔ بچوں سے کہیں کہ وہ دونوں اعداد کو جمع کر کے حاصل جمع معلوم کریں۔

آیئے مشق کریں

عددی کارڈ پر موجود اعداد کو گن کر لکھیں اور جمع کریں۔

س د ا +	100 100 10 10 1 1 1 1 1	100 100 100 100 10 10 10 10 10 10 1 1 1 1 1 1 1
س د ا +	100 100 100 10 10 10 10 10 10 10 10 10 1 1 1 1 1 1	100 100 100 100 100 10 10 10 10 10 1 1 1 1
س د ا +	100 10 10 10 10 10 10 10 10 10 1 1 1 1 1 1 1 1	100 100 100 100 100 100 100 10 10 10 10 10 10 1 1 1 1 1 1 1



آیئے مشق کریں

عددی خط کی مدد سے اعداد کو جمع کریں۔

245 + 6



245 + 6 = 251

457+5

143+57



143 + 57 = 200

368+25

829+36

115+127



115 + 127 = 242

437+144

766+219

آیئے مشق کریں



دوسرے عدد کو الگ کر کے جمع کریں۔



(i) 167 + 126

167 + 126 = 167 + 100 + 20 + 6

= 167 → 267 → 287 → 293

167 + 126 = 293

(ii) 154 + 138

(iii) 375 + 145

(iv) 628 + 134

آیئے مشق کریں

درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیں۔

1۔ راہل نے 305 آم ، اور 255 پپیتا خریدا، بتایئے کہ اس نے کل کتنے پھل خریدے؟



ا	د	س
		+

2۔ وملا نے 358 پھول توڑے، املا نے وملا سے 147 پھول زیادہ توڑے، بتایئے کہ املا نے کل کتنے پھول توڑے؟



ا	د	س
		+

3۔ ایک باغ میں چنبیلی کے 349 پودے اور جاسوت کے 485 پودے لگائے گئے۔ بتایئے کہ باغ میں کل کتنے پودے لگائے گئے؟



ا	د	س
		+

4۔ ایک اناج کے گودام میں دھان کی 567 بوریاں اور گیہوں کی 387 بوریاں ہیں۔ گودام میں کل کتنی بوریاں ہیں؟



ا	د	س
		+

سیکھنے کی جانچ

1۔ ان اعداد کو پھیلی ہوئی شکل میں لکھ کر جمع کریں۔

1. 356 + 238 =

= + + +

= + + +

+ +

+ + + +

+ +

2. 578 + 314 =

= + + +

= + + +

+ +

+ + + +

+ +

3۔ عددی خط کی مدد سے حاصل جمع معلوم کریں۔ 662 + 247

662 + 247 =

4۔ دوسرے عدد کو الگ کر کے جمع کریں۔

235 + 117=

5۔ کھیلوں کے مقابلہ میں 126 لڑکوں اور 118 لڑکیوں نے حصہ لیا، کل کتنے بچوں نے حصہ لیا ہوگا؟



ا	د	س

+

میں نے جو سیکھا

میں اعداد کو پھیلی ہوئی شکل میں لکھ کر جمع کر سکتا ہوں۔

عددی کارڈز کی مدد سے اعداد کو جمع کر سکتا ہوں۔

عددی خط کی مدد سے اعداد کو جمع کر سکتا ہوں۔

دوسرے عدد کو حصوں میں بانٹ کر اعداد کو جمع کر سکتا ہوں۔

میں کرسکتا ہوں

درج ذیل کے جوابات لکھیں۔

1۔ (i) عددی خط پر بیس بیس اعداد چھوڑ کر اعداد لکھئے۔



(ii) عددی خط پر پچاس پچاس اعداد چھوڑ کر اعداد لکھئے۔



2۔ مناسب علامت لگائیں (< , > , =)

(i) 895 _____ 496 (ii) 547 _____ 782

3۔ (i) اس شکل پر دائرہ لگائیں، جس کے نہ تو کونے ہوتے ہیں اور نہ ضلعے۔



(ii) دی گئی تصویر کو دو مساوی حصوں میں بانٹیں۔



4۔ دوسرے عدد کو الگ کر کے جمع کریں۔

i) 346 + 135	ii) 427 + 128

5۔ عددی خط کی مدد سے جمع کریں۔

(i) 232 + 168 = _____

(ii) 459 + 276 = _____

زبانی مشق

6۔ درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیں۔

(i) 479 کس دو سینکڑوں کے درمیان آتا ہے؟

(ii) کیا 177 > 771 درست ہے یا غلط؟

(iii) 650 سے پہلے اور بعد میں آنے والے اعداد لکھیں۔

(iv) کسی ایسی چیز کا نام بتائیں، جس کے دونوں اطراف یکساں شکل کے ہوں۔

7۔ غلطی کی شناخت کر کے بتائیے۔

س	د	ا
3	2	7
+ 1	7	8
4	9	15

س	د	ا
	4	
4	3	9
+ 2	1	5
6	8	1

س	د	ا
7	1	8
+ 9	7	
16	8	8

پراجکٹ

8۔ درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیں۔

(i) 100 سے 999 تک کے کوئی پانچ درمیانی اعداد اپنی پسند سے لکھئے۔

(ii) ان میں سب سے بڑا عدد کون سا ہے؟ بتائیے۔

(iii) ان میں سب سے چھوٹا عدد کون سا ہے بتائیے؟

(iv) ان اعداد کو صعودی ترتیب میں لکھئے۔

(v) ان اعداد کو نزولی ترتیب میں لکھئے۔

9۔ مختلف گروپ بنا کر جمع کے کوئی پانچ سوالات لکھیں، جن کا حاصل جمع 200 ہو۔

_____ + _____ = 200

_____ + _____ = 200

_____ + _____ = 200

_____ + _____ = 200

_____ + _____ = 200

اکائی II

4. کیلے کے کل کتنے پودے ہیں؟

آیئے سیکھیں

آرو موگم اپنے بچوں کے ساتھ کھیت پہنچا، وہاں تینوں نے مل کر پودے لگانا شروع کئے۔





















ہدایات برائے اساتذہ

دن بھر کیلے کے پودوں کو پانی دینے کے بعد تینوں خوشی خوشی گھر واپس لوٹے۔
کہانی سنائیں، بچوں کو ضرب اور ضرب کی علامت سے متعارف کرائیں۔ بچوں کو یہ بھی سمجھائیں کہ اعداد کی مسلسل جمع کرنے کا مختصر طریقہ ''ضرب'' کہلاتا ہے۔

ضرب

ہم ضرب کو ظاہر کرنے کے لئے × علامت کا استعمال کرتے ہیں۔



8 صف ہیں اور ہر صف میں کیلے کے 5 پودے ہیں۔

5 + 5 + 5 + 5 + 5 + 5 + 5 + 5 = 40

5 کا 8 گُنا 40 ہے۔

8 x 5 = 40



آیئے مشق کریں

تصویروں کو غور سے دیکھئے اور خالی جگہ بھرتی کیجئے۔

کل کتنے پھل ہیں؟



6 = رکابیوں کی تعداد

4 = ایک رکابی میں موجود پھلوں کی تعداد

4 + 4 + 4 + 4 + 4 + 4 = 24

6 کا 4 گُنا = 24

6 × 4 = 24

کل کتنی پھلیاں ہیں؟



____ پھلیوں کے گچھوں کی تعداد

____ ایک گچھے میں موجود پھلیوں کی تعداد

____ + ____ + ____ + ____ = ____

____ کا ____ گُنا = ____

____ × ____ = ____

کل کتنے غبارے ہیں؟



____ غباروں کے گچھوں کی تعداد

____ ایک گچھے میں موجود غباروں کی تعداد

____ + ____ + ____ + ____ = ____

____ کا ____ گُنا = ____

____ × ____ = ____

کل کتنے پھول ہیں؟



____ پھولوں کے گچھوں کی تعداد

____ ایک گچھے میں موجود پھولوں کی تعداد

____ + ____ + ____ + ____ = ____

____ کا ____ گُنا = ____

____ × ____ = ____



آیئے مشق کریں

جدول مکمل کیجئے۔

ضرب کا حساب	کتنی بار	مسلسل جمع کا حساب	تصویریں
$3 \times 5 = 15$	$5 = 15$ کا 3 گُنا	$5 + 5 + 5 = 15$	
			
			
			
			

جدول مکمل کیجئے۔

ضرب کا حساب	کتنی بار	تصویریں
$6 \times 2 = 12$	$2 = 15$ کا 6 گُنا	
		
		
		
		

آیئے کر کے دیکھیں









بچوں کو نیم دائرے کی شکل میں بٹھائیں، 10 کاغذی پلیٹ اور ہلدی کے بیج لیں۔ پہلی پلیٹ میں 2 بیج رکھیں اور بتائیں کہ 1×2=2، پھر دوسری پلیٹ میں بھی 2 بیج رکھیں اور بتائیں کہ 2×2=4، اسی طرح ہر پلیٹ میں دو دو بیج رکھتے جائیں اور گنتی سمجھاتے جائیں، دسویں پلیٹ پر پہنچ کر بتائیں کہ 10x2=20۔ اس طرح بچوں کو 2 کا پہاڑا سمجھائیں۔

آیئے مشق کریں



جدول مکمل کیجئے۔

ضرب کا حساب	کتنی بار	تصویریں
1 × 2 = 2	2 کا 1 گُنا 2 ہے۔	
2 × 2 = 4	2 کا 2 گُنا 4 ہے۔	
	2 کا 3 گُنا ___ ہے۔	
	2 کا 4 گُنا ___ ہے۔	
	2 کا 5 گُنا ___ ہے۔	
	2 کا 6 گُنا ___ ہے۔	
	2 کا 7 گُنا ___ ہے۔	
	2 کا 8 گُنا ___ ہے۔	
	2 کا 9 گُنا ___ ہے۔	
	2 کا 10 گُنا ___ ہے۔	



آیئے مشق کریں

عددی خط پر دو دو چھوڑ کر آگے بڑھیں اور جدول مکمل کریں۔



1 بار آگے بڑھنا	2	1 x 2 = 2
2 بار آگے بڑھنا	2 + 2 = 4	2 x 2 = 4
3 بار آگے بڑھنا	2 + 2 + 2 = 6	3 x 2 = 6
____ بار آگے بڑھنا		
____ بار آگے بڑھنا		
____ بار آگے بڑھنا		
____ بار آگے بڑھنا		
____ بار آگے بڑھنا		
____ بار آگے بڑھنا		
____ بار آگے بڑھنا		

جوڑ لگایئے۔



صحیح جواب میں رنگ بھریئے۔



آیئے کر کے دیکھیں





ہدایات برائے اساتذہ

میز پر 10 کاغذی کپ اور آئس کریم کی 3 کاڑیاں رکھیں۔ایک بچہ کو بلائیں اور کہیں کہ پہلے کپ میں 3 کاڑیاں رکھے، پھر بتائیں 3=3×1۔،دوسرے کپ میں بھی تین کاڑیاں رکھیں اور سمجھائیں 6=3×2۔اسی طرح ہر کپ میں 3،3 کاڑیاں رکھتے جائیں اور تختہ سیاہ پر جواب لکھتے جائیں،دسویں کپ پر پہنچ کر بتائیں کہ 10x3=30۔ اس طرح بچوں کو 3 کا پہاڑا سمجھائیں۔

آیئے مشق کریں

جدول مکمل کیجئے۔

ضرب کا حساب	کتنی بار	تصویریں
1 × 3 = 3	3 کا 1 گُنا 3 ہے۔	3
	3 کا 2 گُنا ـــــ ہے۔	3 3
	3 کا 3 گُنا ـــــ ہے۔	3 3 3
	3 کا 4 گُنا ـــــ ہے۔	3 3 3 3
	3 کا 5 گُنا ـــــ ہے۔	3 3 3 3 3
	3 کا 6 گُنا ـــــ ہے۔	3 3 3 3 3 3
	3 کا 7 گُنا ـــــ ہے۔	3 3 3 3 3 3 3
	3 کا 8 گُنا ـــــ ہے۔	3 3 3 3 3 3 3 3
	3 کا 9 گُنا ـــــ ہے۔	3 3 3 3 3 3 3 3 3
	3 کا 10 گُنا ـــــ ہے۔	3 3 3 3 3 3 3 3 3 3



آیئے مشق کریں

عددی خط پر تین، تین چھوڑ کر آگے بڑھیں اور جدول مکمل کریں۔



بار آگے بڑھنا 1	3	1 x 3 = 3
بار آگے بڑھنا 2	3 + 3 = 6	2 x 3 = 6
بار آگے بڑھنا 3	3 + 3 + 3 = 9	3 x 3 = 9
بار آگے بڑھنا ____		
بار آگے بڑھنا ____		
بار آگے بڑھنا ____		
بار آگے بڑھنا ____		
بار آگے بڑھنا ____		
بار آگے بڑھنا ____		
بار آگے بڑھنا ____		

صحیح جواب میں رنگ بھریئے۔



جوڑ لگایئے۔



آیئے کر کے دیکھیں



ہدایات برائے اساتذہ

زمین پر 0 سے 40 تک کا عددی خط بنائیں، دو بچوں کو بلائیں، ایک بچہ سے کہیں کہ وہ 0 سے شروع کر کے 4 ، 4 قدم آگے بڑھے، دوسرا بچہ ان اعداد کو لکھتا جائے جہاں پر پہلا بچہ پہنچے۔ آخر میں ان اعداد سے 4 کا پہاڑا سکھائیں۔ اور اسے تختۂ سیاہ پر لکھیں۔

آیئے مشق کریں

عددی خط پر چار ، چار چھوڑ کر آگے بڑھیں اور جدول مکمل کریں۔



1 بار آگے بڑھنا	4	1 x 4 = 4
2 بار آگے بڑھنا	4 + 4 = 8	2 x 4 = 8
3 بار آگے بڑھنا	4 + 4 + 4 = 12	3 x 4 = 12
____ بار آگے بڑھنا		
____ بار آگے بڑھنا		
____ بار آگے بڑھنا		
____ بار آگے بڑھنا		
____ بار آگے بڑھنا		
____ بار آگے بڑھنا		
____ بار آگے بڑھنا		

ضرب کی جدول مکمل کریں۔

X	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
4	4									

آیئے تلاش کریں

مسلسل جمع کے حساب کو ضربی حساب سے جوڑ لگائیے۔

4 + 4 + 4 + 4 + 4 + 4 + 4 + 4	5 x 4
4 + 4	8 x 4
4 + 4 + 4 + 4 + 4	6 x 4
4 + 4 + 4 + 4 + 4 + 4	4 x 4
4 + 4 + 4 + 4+ 4 + 4 + 4	2 x 4
4 + 4 + 4 + 4	7 x 4

4 کا پہاڑا ترتیب سے سنائیں، رنگ بھریں اور کیڑے کو باہر نکلنے کا راستہ تلاش کرنے میں مدد کریں۔



4	8	5	7	38
6	12	14	18	22
10	16	20	30	33
14	18	24	28	40
20	19	27	32	36

خانوں کو بھرتی کریں۔

3	x		=	12	6	x		=	24	9	x		=	36
5	x	4	=			x	4	=	8	10	x	4	=	
	x	4	=	28	4	x		=	16		x	4	=	32

خانوں کو بھرتی کریں۔

2	4		8	10			16		20
3	6			15		21			30
4		12		20			32		

آیئے تلاش کریں

اوما کہتی ہے کہ 4 کا پہاڑا، 2 کے پہاڑے کو دوبار جمع کر کے بنایا جا سکتا ہے۔ کیا اس کی یہ بات درست ہے؟ وجہ بتایئے۔

	2	4	6	8	10	12	14	16	18	20
+	2	4	6	8	10	12	14	16	18	20
	4	8	12	16	20	24	28	32	36	40

2 کے پہاڑے کا حاصل ضرب

2 کے پہاڑے کا حاصل ضرب

4 کے پہاڑے کا حاصل ضرب

دی گئی تصویروں کو دیکھ کر ضرب کے اصول لکھیں۔



6 x 2 = 12

ضربی جدول کو مکمل کیجئے۔

1 x 2 = 2

1 x 3 = 3

1 x 4 = 4

آیئے کر کے دیکھیں



ہدایات برائے اساتذہ

بچوں کو دو گروہ میں تقسیم کیجئے، ہر گروہ کے ایک بچہ سے کہیں کہ پہلے 5 لمبی لکڑیاں کو سیدھی کھڑی کرے، پھر 10 چھوٹی لکڑیوں کو ایک ایک کر کے ان کے اوپر افقی انداز میں رکھے جیسا کہ تصویر میں دکھایا گیا ہے۔ جہاں دونوں لکڑیاں آپس میں ملیں، ان جگہوں کو گنے، دوسرا بچہ حاصل ہونے والے اعداد کو 5=5×1 کر کے تختہ سیاہ پر لکھے، اسی طرح سرگرمی جاری رکھتے ہوئے 5 کا پہاڑا مکمل کریں۔

آیئے مشق کریں

جہاں لکڑیاں آپس میں ملتی ہیں، وہاں کے مقامات کو گنیں اور 5 کا پہاڑا بنائیں۔

ضرب کا حساب	کتنی بار	تصویریں
1 × 5 = 5	5 کا 1 گُنا 5 ہے۔	
	5 کا 2 گُنا ___ ہے۔	
	5 کا 3 گُنا ___ ہے۔	
	5 کا 4 گُنا ___ ہے۔	
	5 کا 5 گُنا ___ ہے۔	
	5 کا 6 گُنا ___ ہے۔	
	5 کا 7 گُنا ___ ہے۔	
	5 کا 8 گُنا ___ ہے۔	
	5 کا 9 گُنا ___ ہے۔	
	5 کا 10 گُنا ___ ہے۔	

آیئے مشق کریں

ضرب کر کے جواب لکھئے۔



آیئے تلاش کریں

ضربی جدول مکمل کیجئے۔

X	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
5	5									

2 اور 3 کے پہاڑوں کا جواب جمع کر کے 5 کا پہاڑا بنائیں۔

2 + 3 = 5	1 x 5 = 5
4 + 6 = 10	2 x 5 = 10

1	x	3	=	3
2	x	3	=	6
3	x	3	=	9
4	x	3	=	12
5	x	3	=	15
6	x	3	=	18
7	x	3	=	21
8	x	3	=	24
9	x	3	=	27
10	x	3	=	30

1	x	2	=	2
2	x	2	=	4
3	x	2	=	6
4	x	2	=	8
5	x	2	=	10
6	x	2	=	12
7	x	2	=	14
8	x	2	=	16
9	x	2	=	18
10	x	2	=	20



آیئے مشق کریں

جدول مکمل کریں۔

ضرب کا حساب	کتنی بار	مسلسل جمع کا حساب
1 × 10 = 10	10 کا 1 گُنا 10 ہے۔	10
2 × 10 = 20	10 کا 2 گُنا 20 ہے۔	10+10=20
	10 کا 3 گُنا ____ ہے۔	10+10+10=
	10 کا 4 گُنا ____ ہے۔	10+10+10+10=
	10 کا 5 گُنا ____ ہے۔	10+10+10+10+10=
	10 کا 6 گُنا ____ ہے۔	10+10+10+10+10+10=
	10 کا 7 گُنا ____ ہے۔	10+10+10+10+10+10+10=
	10 کا 8 گُنا ____ ہے۔	10+10+10+10+10+10+10+10=
	10 کا 9 گُنا ____ ہے۔	10+10+10+10+10+10+10+10+10=
	10 کا 10 گُنا ____ ہے۔	10+10+10+10+10+10+10+10+10+10=

تصویروں کو دیکھ کر ان کے مطابق ضربی حساب لکھیں۔

	3 x 10 = 30
	
	
	
	



آیئے مشق کریں

5 کے پہاڑے سے حاصل ہونے والے جواب کو دوگنا کریں اور 10 کا پہاڑا بنائیں۔

5 کے پہاڑے کا حاصل ضرب									10	5
5 کے پہاڑے کا حاصل ضرب									10	5
10 کے پہاڑے کا حاصل ضرب									**20**	**10**

درست جواب پر رنگ بھریں۔

5 x 10	4 x 10	6 x 10
40 60 50	30 40 50	40 50 60
9 x 10	**7 x 10**	**8 x 10**
90 80 70	80 90 70	70 80 90

ضرب کیجئے۔

4 x 2 = ____	6 x 3 = ____	5 x 4 = ____	6 x 5 = ____
7 x 4 = ____	5 x 3 = ____	8 x 2 = ____	7 x 3 = ____
6 x 4 = ____	9 x 2 = ____	8 x 3 = ____	9 x 4 = ____

آیئے تلاش کریں

اس تصویر کو منتخب کریں، جو 4×5=20 کو ظاہر کرتی ہے۔

i) 

ii) 

iii) 

iv) 

دی گئی تصویر کے مطابق صحیح ضربی حساب منتخب کریں۔



i) 6 x 4 = 24

ii) 5 x 4 = 20

iii) 8 x 4 = 32

iv) 7 x 4 = 28

جواب تلاش کریں اور کہیں۔





کیا 3×4 اور 4×3 کی قیمتیں یکساں ہیں؟



4 کا 3 گُنا = ☐

3 + 3 + 3 + 3 = ☐

4 x 3 = ☐

3 کا 4 گُنا = ☐

4 + 4 + 4 = ☐

3 x 4 = ☐

خانوں میں اعداد بھرتی کیجئے۔

8 x ☐ = 16	9 x ☐ = 27	7 x ☐ = 14
☐ x 5 = 25	☐ x 2 = 18	☐ x 5 = 45
8 x ☐ = 80	8 x ☐ = 40	8 x ☐ = 24
☐ x 4 = 28	☐ x 3 = 21	☐ x 4 = 12
5 x ☐ = 20	7 x ☐ = 70	3 x ☐ = 30

آیئے تلاش کریں

درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔



ایک سائیکل کے 2 پہیے ہیں، بتایئے کہ 5 سائیکلوں کے کل کتنے پہیے ہوں گے؟

5 x 2 = ☐



ایک خرگوش کے 2 کان ہیں، 7 خرگوش کے کتنے کان ہوں گے؟

☐ x ☐ = ☐



ایک میز کے 4 پاؤں ہیں، 3 میز کے کتنے پاؤں ہوں گے؟

☐ x ☐ = ☐



ایک آٹو کے 3 ٹائر ہیں، 8 آٹو کے کتنے ٹائر ہوں گے؟

☐ x ☐ = ☐



ایک کار میں 5 آدمی بیٹھ سکتے ہیں۔ 4 کاروں میں کتنے آدمی بیٹھ سکیں گے؟

☐ x ☐ = ☐



ایک بکری کے 4 پاؤں ہیں، 5 بکریوں کے کتنے پاؤں ہوں گے؟

☐ x ☐ = ☐



ایک ہار میں 10 موتیاں ہیں۔ 8 ہاروں میں کتنے موتیاں ہوں گے؟

☐ x ☐ = ☐



ایک پنکھے کے 3 پر ہوتے ہیں، 4 پنکھوں کے کتنے پر ہوں گے؟

☐ x ☐ = ☐



ایک پھول کی 5 پتیاں ہیں، 8 پھولوں کی کل کتنی پتیاں ہوں گی؟

☐ x ☐ = ☐

سیکھنے کی جانچ

1۔ دی گئی تصویروں کو دیکھ کر مسلسل جمع کے حساب اور ضربی حساب لکھیں۔



_____ _____

2۔ دی گئی مسلسل جمع کی مثال کو ضرب کی مثال میں بدل کے لکھیں۔

5 + 5 + 5 + 5 + 5 + 5 + 5

☐ x ☐ = ☐

3۔ ضرب کریں۔

8 x 4

_____

4۔ خالی خانوں کو بھرتی کریں۔

i) ☐ x 3 = 12 ii) 9 x ☐ = 36

5۔ اگر 1 کار میں 4 لوگ بیٹھ سکتے ہیں تو 7 کاروں میں کتنے لوگ بیٹھ سکیں گے؟

☐ x ☐ = ☐

میں نے جو سیکھا

میں تصویروں کو دیکھ کر ضربی حسابات لکھ سکتا ہوں۔ ☐

میں ضربی حسابات حل کر سکتا ہوں۔ ☐

میں ضربی کہانی کے حسابات حل کر سکتا ہوں۔ ☐

5. کل اور آج

آیئے سیکھیں

دوپہر کے کھانے کے بعد میں اپنی دادی کے ساتھ ٹی وی دیکھ رہا تھا، اچانک میں نے دادی سے پوچھا۔



اس طرح بات چیت کرتے ہوئے دونوں نے خوشی خوشی ٹی وی کا پروگرام دیکھا۔

ہدایات برائے اساتذہ

کہانی سنائیں اور بچوں کو سمجھائیں کہ چیزوں کا صحیح وزن معلوم کرنے کے لئے ایک مقررہ اکائی کا ہونا ضروری ہے، اب دنیا میں ہر جگہ وزن کرنے کے لئے ایک ہی اکائی استعمال کی جاتی ہے۔

آیئے سیکھیں

کیا آپ نے دوکانوں میں سبزیوں اور گھریلو اشیاء کو کلوگرام میں تولتے ہوئے دیکھا ہے؟

کیا آپ نے ایک کلوگرام کی چیزیں پیکٹوں میں بند کر کے فروخت ہوتے ہوئے دیکھا ہے؟









کلوگرام وزن ناپنے کی ایک معیاری اکائی ہے جو پوری دنیا میں استعمال ہوتی ہے۔

پتہ کریں کہ اپنے گھر والے 1 کلوگرام کے حساب سے کون کون سی چیزیں خریدتے ہیں اور ان کے نام لکھیں۔

.....

.....



بچوں سے کہیں کہ وہ اسکول میں موجود مختلف چیزوں کو غور سے دیکھیں، ان سے پوچھیں کہ کون سی چیز کا وزن 1 کلوگرام سے زیادہ اور کون سی چیز کا وزن 1 کلوگرام سے کم ہے؟ پہلے بچوں سے اندازہ لگانے کو کہیں، پھر ترازو کی مدد سے وزن کر کے ان کے اندازے کو جانچیں۔

آیئے مشق کریں

چیزوں کو غور سے دیکھیں اور صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1 کلوگرام سے کم وزن	1 کلوگرام سے زیادہ وزن	شئے
✓		
		
		
		
		

آیئے تلاش کریں

گھر میں موجود مختلف چیزوں کو دیکھیں اور ان کے نام مناسب خانوں میں لکھیں۔

1 کلوگرام سے زیادہ	1 کلوگرام سے کم

آیئے سیکھیں





2 آدھے کلوگرام = 1 کلوگرام

ہدایات برائے اساتذہ

بچوں سے کہیں کہ وہ اسکول میں موجود چیزوں کا مشاہدہ کریں اور اندازہ لگائیں کہ کن چیزوں کا وزن آدھے کلوگرام سے زیادہ اور کن چیزوں کا آدھے کلوگرام سے کم ہے۔ پھر ترازو کی مدد سے وزن کر کے اپنے اندازے کو درست یا غلط معلوم کریں۔

آیئے مشق کریں

اندازہ کر کے جوڑ لگائیں۔



آدھے کلوگرام سے کم

آدھے کلوگرام سے زیادہ



سیکھنے کی جانچ

1۔ چیزوں کا وزن کرنے کے لئے استعمال ہونے والی معیاری اکائی پر (✓) کا نشان لگائیں۔

(a) میٹر

(b) کلوگرام

(c) ترازو

2۔ ان چیزوں پر درست (✓) کا نشان لگائیں، جن کا وزن ایک کلوگرام سے زیادہ ہے۔

 ☐  ☐

3۔ ان چیزوں پر درست (✓) کا نشان لگائیں، جن کا وزن آدھے کلوگرام سے کم ہے۔

 ☐  ☐

4۔ آدھے کلوگرام کی چیز میں اور کتنا وزن ملانے سے ایک کلوگرام بنتا ہے؟

(a) آدھے کلوگرام سے زیادہ

(b) آدھے کلوگرام سے کم

(c) آدھا کلوگرام

5۔ کیا وہ تمام اشیاء جو ایک کلوگرام سے کم وزن والی ہوتی ہیں، وہ آدھے کلوگرام سے بھی کم ہوتی ہے؟ وجہ بتائیں۔

میں نے جو سیکھا

☐ میں سمجھ سکتا ہوں کہ چیزوں کا درست وزن معلوم کرنے کے لئے معیاری اکائی کیوں ضروری ہے۔

☐ میں ایسی چیزوں کو پہچان سکتا ہوں، جن کا وزن ایک کلوگرام سے زیادہ یا کم ہو۔

☐ میں ایسی چیزوں کو بھی پہچان سکتا ہوں، جن کا وزن آدھے کلوگرام سے زیادہ یا کم ہو۔

6. اس طرح بھی تفریق کر سکتے ہیں!

آیئے سیکھیں

دیوالی تہوار کے موقع پر دیپا اور سدھا رتھا اپنی پسند کے کپڑے لینے ایک دکان گئے، دونوں نے اپنے لئے جوڑے پسند کئے۔





دکاندار نے میز پر ₹ 5 کا ایک سکہ، ₹ 20 کا ایک نوٹ اور ₹ 100 کا ایک نوٹ رکھا۔











وہ سب ہنسی خوشی کپڑے خرید کر گھر واپس لوٹتے ہیں۔

ہدایات برائے اساتذہ

استاد کہانی سناتے ہوئے بچوں کو سمجھائیں کہ اعداد کی تفریق کرنے کے کئی طریقے ہوتے ہیں۔

آیئے مشق کریں

درج ذیل سوالات کو حل کرنے کا طریقہ بتائیں اور جواب لکھیں۔



اسکول کے سالانہ جلسہ کے لئے 300 کرسیاں رکھی گئیں،
اگر 153 کرسیوں پر طلبہ بیٹھے ہوں تو کتنی کرسیاں خالی ہوں گی؟

153 + 7 + 40 + 100 = 300

جواب : 7 + 40 + 100 = 147



ایک مالی نے 500 آم توڑے، اس نے بازار میں 218 آم
فروخت کر دئے، اب اس کے پاس کل کتنے آم باقی بچے؟

جواب : .....



ایک دکان میں 200 پنسلیں تھیں، ان میں سے 142 پنسلیں
فروخت ہوگئیں، اب کتنی پنسلیں باقی رہ گئیں؟

جواب : .....



اسکول کی لائبریری میں 400 کتابیں تھیں، طلبہ کو 246 کتابیں
دے دی گئیں، اب کتنی کتابیں باقی رہ گئیں؟

جواب : .....



ایک تقریب کے لئے 900 مٹھائیاں بنائی گئیں، مہمانوں کو
765 مٹھائیاں پیش کی گئیں، کتنی مٹھائیاں اب باقی رہ گئیں؟

جواب : .....



آیئے مشق کریں

گروہ بندی کے بغیر آسان طریقہ سے تفریق کیجئے۔

800 - 1 = 799 -354 - 1 = -353 446	500 -128
700 -413	900 -549
600 -375	400 -267

عددی خط پر دیئے گئے اعداد کو نشان زد کریں، پھر تفریق کر کے جواب لکھیں۔

QI1CM

صحت دینے والے شربت

ہم پودے کے کن حصوں سے شربت بناتے ہیں؟

	پھل	پتا	تنا	جڑ
				
ناریل کا پانی	لیموں	پودینہ	گنا	گاجر

ہم پودے کے مختلف حصوں سے صحت دینے والے شربت حاصل کر سکتے ہیں اور انہیں بنا بھی سکتے ہیں۔

صحت دینے والے شربت بنانے کے لیے استعمال ہونے والے پتوں کے لیے ● ، جڑوں کے لیے ● ،
پھلوں کے لیے ● اور تنوں کے لیے ● رنگ بھریں۔

				
○	○	○	○	○
گاجر کا رس	پودینے کا رس	لیموں کا رس	گنے کا رس	ناریل کا پانی (ایل نیر)

سرگرمی کا وقت



ہدایات برائے اساتذہ

کاغذ کی پرچیوں پر کھانے پینے کی ان اشیاء کے نام لکھیں اور بچوں سے یہ سرگرمی کروائیں۔

کر کے سیکھیے

1۔ جسم کی نشوونما کرنے والی غذا کے لئے 🔵 ،توانائی دینے والی غذا کے لئے 🟢 اور بیماریوں سے بچانے والی غذا کے لیے 🔴 رنگ بھریں۔



2۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔





a۔ ان میں کون سا غذائی گروہ غائب (موجود نہیں) ہے ؟ _____

b۔ اگر ہم اسے نہیں کھائیں گے تو کیا ہوسکتا ہے ؟ _____

3۔ ہر گروہ سے کھانے کی کوئی ایک چیز چنیں اور اپنی دوپہر کے کھانے کی تھالی (لنچ پلیٹ) تیار کریں۔

لیمو کا کھانا راگی کا ہٹ پھلوں کا سلاد دھاتر کی سویاں گیہوں کا دوسا مچھلی کا سالن آملیٹ
دال کا سالن سنڈل گوشت کا سالن سبزیوں کا سلاد بھاجی کا پوریل



توانائی دینے والی غذا _____

جسم کی نشوونما کرنے والی غذا _____

بیماریوں سے بچانے والی غذا _____

4۔ پراجکٹ :ایک دن میں آپ نے جو کچھ کھایا اسے درج کریں اور ہر چیز کے غذائی گروہ کی پہچان کریں۔

	کھانے	توانائی دینے والے	جسم کی نشوونما کرنے والے	بیماریوں سے بچانے والے
ناشتہ				
دوپہر کا کھانا				
رات کا کھانا				

تمل ناڈو کے کچھ مشہور کھانے/ پکوان



تو تو کوڈی کا میکرون (بسکٹ)



کمبا کونم کی ڈگری کافی



شری ولی پتور کا دودھ سے بنا کھویا



اوٹی کی ورقی



ترنل ویلی کا حلوہ

اپنے دادا، دادی/ نانا، نانی یا گھر کے دیگر افراد سے ان کے آبائی علاقے کے کسی مشہور پکوان کے بارے میں پوچھیں اور اسے یہاں لکھیں۔

سیکھنے کی جانچ

1۔ آپ کے دوپہر کے کھانے میں صرف جڑوں اور تنوں سے بنی اشیاء شامل ہیں۔ پودے کا کوئی دوسرا حصہ شامل کرنے کے لیے آپ کو کون سی چیز کھانی چاہیے؟ درست (✓) کا نشان لگائیں۔

(الف) پالک (ب) آلو (ج) ادرک (د) گاجر

2۔ اگر بریانی میں خوشبو نہیں ہے، تو آپ اس سے کیا اندازہ لگا سکتے ہیں؟ (✓) نشان لگائیں۔

(الف) شاید مسالے نہیں ڈالے گئے۔

(ب) اس میں ترکاریاں کافی نہیں ہیں۔

3۔ تصاویر کو دیکھیں اور نشان لگائیں کہ کس مرحلے میں سب سے زیادہ پانی کی ضرورت ہوتی ہے؟









4۔ کس تھالی میں تینوں غذائی گروہوں کی اشیاء موجود ہیں؟ (✓) نشان لگائیں۔





A ◯

B ◯

5۔ زبانی سوال: کھانے کی کوئی تین صحت مند عادتیں بتائیں، جن پر آپ عمل کرتے ہیں۔

میں نے جو سیکھا

* میں کھیت سے اپنی تھالی تک چاول کے سفر کو جانتا ہوں اور ان لوگوں کو بھی، جو اسے ممکن بناتے ہیں۔ ☆
* میں مختلف کھانوں اور پینے کے اجزاء میں پودوں کے حصوں کی پہچان کر سکتا ہوں۔ ☆
* میں ایک صحت مند کھانا بنانے کے لیے 'توانائی دینے والی'، 'جسم کی نشوونما کرنے والی'، اور 'بیماریوں سے بچانے والی' غذا کا انتخاب کر سکتا ہوں۔ ☆
* میں کھانے کی صحت مند عادتوں پر عمل کرتا ہوں اور کھانا ضائع نہیں کرتا۔ ☆

میں کرسکتا ہوں

1۔ آپ کی دادی جان دال کا سالن بنانا چاہتی ہیں۔انہیں بیجوں کا کون سا گروہ خریدنا چاہیے؟(✓)نشان لگائیں۔

☐ دالیں ☐ اناج ☐ تیل والے بیج ☐ مسالے

2۔ آپ کی والدہ ترکاریوں والی بریانی بنارہی ہیں۔پودے کے ہر حصے سے ایک چیز چننے میں ان کی مدد کریں اور اسے لکھیں۔


چاول


ادرک


گاجر


کتھمیر


ٹماٹر


گوبھی کا پھول

جڑ _____ تنا _____

پتہ _____ پھل _____

پھول _____ بیج _____

3۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجئے۔

* کوئی تین بیجوں کے نام بتایئے جو ہم کھاتے ہیں _____ _____ _____

* کوئی دو سبزیوں یعنی بھاجیوں کے نام بتایئے جو ہم کھاتے ہیں _____ _____

* آپ کے باورچی خانے میں استعمال ہونے والے کسی ایک مسالے کا نام بتائیں _____

4۔ اپنے دوپہر کے کھانے (لنچ) کے لیے ایک صحت بخش مینو تیار کریں۔ دوپہر کا کھانا

	دوپہر کا کھانا

5۔ سب سے مختلف شئے کو تلاش کریں۔

تور کی دال　　تل　　ماش کی دال　　چنا

_____ سب سے مختلف ہے کیونکہ یہ ایک _____ (تیل دار بیج/ دال) ہے۔

6۔ زبانی سوالات :

a۔ آپ کا دوست آدھی تھالی چاول کوڑے میں پھینک دیتا ہے۔ آپ اپنے دوست سے کیا کہیں گے؟

b۔ ان دو ساتھیوں کے نام بتائیں، جو آپ کا کھانا کھیت سے تھالی تک لانے میں مدد کرتے ہیں۔

7۔ پراجکٹ

اپنے باورچی خانے میں پائے جانے والے 5 مختلف بیج جمع کریں۔ ہر بیج کا غور سے مشاہدہ کریں اور جدول مکمل کریں

بیج کا نام	بیج کا خاکہ	گروہ اناج/ دال/ تیل دار بیج/ مسالہ

آپ روزانہ کونسے بیج استعمال کرتے ہیں؟ _____

سیکھنے کا سفر

ہم کھانے کو متوازن بنانے کے لیے توانائی دینے والی، جسم کی نشوونما کرنے والی اور بیماریوں سے بچانے والی غذا کا استعمال کرتے ہیں۔

چاول کے سفر کو بیان کر کے اور کسانوں اور دیگر مددگاروں کی محنت کو تسلیم کرتے ہوئے، اس بات کی وضاحت اور قدر کرتے ہیں کہ کھانا ہماری تھالی تک کیسے پہنچتا ہے۔

پودوں کے کھائے جانے والے حصوں کے مطابق کھانوں کی درجہ بندی کرتے ہیں اور عام پکوانوں میں استعمال ہونے والے اجزاء کی پہچان کرتے ہیں۔

جڑوں اور تنوں کی تبدیلیوں اور پودوں کی ان کے افعال اور مسکن کی بنیاد پر توافق کی پہچان، موازنہ اور درجہ بندی کرتے ہیں۔

مشاہدے، نتائج کو ریکارڈ کرنے اور اخذ کرنے کے ذریعے پودوں کی نشوونما کے لیے ضروریات اور پودوں کے حصوں کے افعال کی وضاحت کرتے ہیں۔

عام درختوں کی پہچان اور ان کے درمیان فرق محسوس کرتے ہیں، ان کی ماحولیاتی اور ثقافتی اہمیت بیان کرتے ہیں اور درختوں اور دیگر پودوں کی دیکھ بھال کی ہدایات پر عمل کرتے ہیں۔



تیسری جماعت

STANDARD THREE

دوسری میعاد

TERM – II

سماجی سائنس

SOCIAL SCIENCE



حرف آغاز

تیسری جماعت کے سماجی سائنس کی یہ نصابی کتاب تمل ناڈو نصابی فریم ورک (TNCF) 2025 کے مطابق طالب علم کے اطراف کی دنیا اور اس کے ماحول کو موثر بنانے اور بہترین تدریسی عمل کے ساتھ بامعنی مشغولیت پر زور دیتی ہے۔

تمل ناڈو ریاستی تعلیمی پالیسی کی تجویز کے مطابق اس نصاب میں شمولیت، آئینی اقدار کی پاسداری، جنس اور عمر کے حوالے سے مناسب اور تنقیدی تفہیم کو فروغ دینا، مقامی روایات کا انضمام اور ادراک، ماحولیاتی خواندگی، 21 ویں صدی کی مہارتیں اور سماجی جذباتی تدریس بھی شامل ہے۔

سیکھنے کی ترقی

کتاب کا آغاز ایسے مانوس موضوعات کے ساتھ ہوتا ہے، جو سیکھنے والے کے بارے میں، اس کا خاندان، کلاس روم اور پڑوس سے قریب سے جڑے ہوتے ہیں۔ پھر یہ دھیرے دھیرے وسیع تر موضوعات جیسے سماجی اداروں، ثقافتی طریقوں اور قدرتی ماحول کو گھیرنے کے لئے پھیلتا جاتا ہے۔

اکائی 1 : ڈبہ جو ایک کہانی سناتا ہے۔

- روزمرہ کی اشیاء میں ہونے والی تبدیلی کو سمجھنا۔
- پرانی کہانیوں، اشیاء، مقامات اور لوگوں کی یاد سے ماضی کے بارے میں سمجھنا۔
- روزمرہ کی زندگی اور قدیم تمل طرز زندگی (غذا، رہن سہن، پہننا اوڑھنا، کھیل کود، وغیرہ)

اکائی: 2 سفر کردہ راستہ

- قدیم زمانے میں لوگوں کے نقل وحمل کے لئے استعمال ہونے والے جانور۔
- قدیم اور جدید دور کے نقل وحمل کے ذرائع کو سمجھنا۔

درسی کتاب کی اہم خصوصیات

- کلاس روم میں ان کی شرکت کو یقینی بنانا۔
- سماجی مہارتوں کو فروغ دینے کے مواقع فراہم کرنا۔
- طلباء کے نقطہ نظر کی قدر کرنا

آیئے شیئر کریں



- تنوع کا احترام کرنا
- دوسروں کے ساتھ باہمی تعلق پیدا کرنا
- اعتماد کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کرنا

تبادلہ خیال کر کے سیکھیں



- غور سے دیکھیں اور بحث کریں۔
- سوالات کے ذریعہ تبادلہ خیال کریں۔
- تعلق پیدا کر کے تبادلہ خیال کریں۔

آیئے چھڑائیں/آیئے گائیں/آیئے اداکاری کریں



- مواصلات
- واقعات کی ترتیب
- خیالات کی عکاسی کرنا

آیئے لکھیں



- آرٹس کا انضمام
- تخلیقی صلاحیت
- باہمی تعاون کے ذریعہ تعلیم

قابلیت پر مبنی جامع جانچ

تشخیص کا مقصد صرف یادداشت کے بجائے مشاہدے، شرکت اور سادہ عکاسی کی سرگرمیوں پر مبنی جامع تشخیص ہے۔

تدریسی جانچ



ہر اکائی کے اختتام پر طلباء کو اپنی ترقی کا خود جائزہ لینے کے مواقع فراہم کئے جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ

- تحریری امتحان
- زبانی سوالات
- پراجکٹ وغیرہ۔

شخصی جانچ



ہر بنیادی خاکہ کے بعد سیکھنے کی جانچیں، کثیر جہتی سرگرمیوں کا استعمال کرتے ہوئے کی جاتی ہیں۔

اس بنیادی مرحلے میں بچے ایک منظم انداز کے ساتھ اپنے اردگرد کا مشاہدہ کرنا شروع کرتے ہیں۔ سوالات کرتے ہیں اور ان سے متعلق سمجھ پیدا کرتے ہیں۔ سماجی سائنس کی اس نصابی کتاب سے بچوں کے سماجی تجسس، تنوع یعنی معاشرے کے مختلف افراد کے ساتھ برتاؤ اور معاشرے اور ماحول کے تئیں ذمہ داری کے احساس کو فروغ دینے کی امید ہے۔

فہرست

اکائی - 1



کہانی بیان کرنے والا صندوق

دادا جان کا قلم..... ! 124

مگلن کا خواب.....! 128

دادا کی ڈائری.....! 135

کہانی سنو! کہانی سنو! 140

اکائی - 2



سفر کردہ راستے

پیدل سفر.....! 145

بیل گاڑی کا سفر.....! 150

گھوڑا گاڑی کا سفر.....! 153

SZ2VM
e-book

XV8QZ
Inclusive book

AY8YR
THB

PA4OW
Assessment

اکائی 1

کہانی بیان کرنے والا صندوق

دادا جان کا قلم..... !

آؤ! تبادلہ خیال کریں اور سیکھیں

مگلن کے گھر، رنگ و روغن کا کام ہو رہا تھا، اس کے ابا جان اور دادا جان گھر کے اوپر والے حصے میں رکھی ہوئی پرانی چیزیں نیچے لا رہے تھے، اسی دوران اس کے ابا جان نے ایک لکڑی کا ڈبہ کھولا۔



دادا جان : ذرا، اسے غور سے دیکھو !

ابا جان : جی ابا جان !
یہ آپ کے خزانوں والا صندوق
معلوم ہوتا ہے۔ میں اس کی اہمیت
کو بخوبی سمجھ سکتا ہوں۔

مگلن : سونے کا صندوق!
کیا اس میں سونے کے زیورات
بھرے ہوئے ہیں؟



دادا جان : نہیں مگلن ! ذرا تم ان چیزوں کو دیکھو، جسے میں نے اس میں جمع کر کے رکھا ہے اور ضرورت پر انہیں استعمال بھی کیا ہے۔



مگلن : داداجان! یہ کیا ہے؟
یہ تو پرانے زنگ آلود میخ کی طرح لگتا ہے۔

دادا : یہ لکھنے والی میخ ہے !

مگلن : لکھنے والی قلم! اگر ایسا ہے
تو اس کا کیا مطلب ہے داداجان!

داداجان : بتاؤ کہ اب تم کس
سے لکھ رہے ہو؟

مگلن : میں تو قلم سے لکھ رہا ہوں۔

داداجان : یہ وہی چیز ہے، جسے میرے
دادا استعمال کرتے تھے۔ اس میں
بہت سی ایسی چیزیں ہیں جنہیں دیکھ کر تم
حیران رہ جاؤ گے کیونکہ تم نے انہیں پہلے
کبھی نہیں دیکھا ہوگا۔

آیئے بات کریں !

کیا آپ کو لگتا ہے کہ پرانی چیزیں قیمتی ہو سکتی ہیں؟ ان میں ایک ایسی چیز ہے جسے آپ محفوظ کرنا چاہیں گے۔
بتایئے! ایسا کیوں؟

آیئے !معلوم کرتے ہیں۔

1. پہیلیوں کے جوابات لکھیں اور متعلقہ تصویریں کھینچیں۔

(کنگھی، پانسہ، لٹو، قلم)



میرے بہت سے دانت ہیں
مگر میں کسی کو نہیں کاٹتا۔
میں کون ہوں؟



میرا جسم دھات کا ہے۔ میری نوک تیز ہے۔
میں بہت سے حروف لکھتا ہوں۔ میں کون ہوں؟

2۔ پہیلی بوجھئے اور ایک پہیلی بنایئے۔



میں پیروں کے بغیر گھوم سکتا ہوں۔



بچوں کی حوصلہ افزائی کریں تا کہ وہ اس طرح کی مزید پہیلیاں بنا کر انہیں اپنی کلاس روم یا آرٹ گیلری میں لٹکائیں۔

آیئے تصویر بنائیں۔

تصویر مکمل کریں اور اس میں رنگ بھریں۔



کیا تم جانتے ہو؟

کیڑ ڈی کی کھدائی کے دوران مٹی کے برتنوں کے ٹکڑے دریافت ہوئے تھے۔



ஆதன்
(atan)



குவிரன் ஆதன்
(kuviran atan)



அற
(ara)



அ
(A)

قدیم زمانے کے لوگ بھی پڑھے لکھے تھے، جس کا ثبوت ہمیں مٹی کے برتنوں پر لکھی ہوئی تحریروں سے ملتا ہے۔



مگلن کا خواب.....!

آیئے تبادلہ خیال کریں اور سیکھیں



دادا کے خزانے والے صندوق میں بہت سی ایسی چیزیں تھیں جنہیں دیکھ کر مگلن حیران ہو گیا، ان میں ایک ایسی چیز تھی جو اس کے دل و دماغ پر چھا گئی۔ اس میں رکھا ہوا قلم۔ مگلن اس کے بارے میں سوچتے سوچتے سو جاتا ہے۔ اسے چیخ و پکار سنائی دیتی ہے۔

اسی لمحہ مگلن بیدار ہو گیا، جیسے کوئی اسے پکار رہا ہو۔

مگلن.....! مگلن.....!

وہ سوچنے لگا کہ یہ آواز کیسی تھی؟

اچانک دادا کے خزانے والے صندوق میں رکھے ہوئے قلم سے آواز آنے لگی۔



اگر تم میرے بارے میں سوچ رہے تھے تو
سنو میں تم سے بات کرنے ہی آیا ہوں۔
مگلن ! میں ہی قلم ہوں !
قلم ! جادوئی قلم! یہ یہاں کیا کر رہا ہے۔

مجھے لکھنے کے لئے کسی کاغذ کی ضرورت نہیں۔
کیا تم جانتے ہو کہ مجھے لکھنے کے لئے
سیاہی کی بھی ضرورت نہیں۔
بس مجھے تاڑ کے پتے چاہئے،
وہ مجھے لکھنے کے لئے تاڑ کے پتوں
کا استعمال کرتے تھے۔
اسے تاڑ کے پتے (اولئے سوڈی) کہتے ہیں۔
پتے تو سیدھے ہوتے ہیں،
میرے پاس ایک تیز نوک ہے۔
بعض اوقات پتے بھی کٹ جاتے ہیں۔
کبھی کبھار لکھنے والا ہاتھ بھی زخمی ہو جاتا ہے۔

لہذا مجھے استعمال کرتے وقت احتیاط سے کام لیجئے۔
میری تحریر مٹائی نہیں جاسکتی،
اس لئے احتیاط سے اور بغیر غلطیوں کے لکھیں۔
آپ کا قلم تو صرف ایک بار استعمال ہوگا۔
لیکن مجھے دیکھو! کئی سال ہوگئے۔
لیکن آج بھی میں تمہارے دادا کے
خزانے والے صندوق میں محفوظ ہوں۔
یہ میرے لئے بڑے فخر کی بات ہے!



اٹھو مگلن! اسکول کا وقت ہوگیا ہے۔امی جان کی آواز سن کر اٹھ بیٹھا اور مسکرا دیا۔اس نے سوچا کہ ''کیا یہ سب ایک خواب تھا۔''؟ پھر وہ خواب دوستوں کے ساتھ بانٹنے کے لئے اسکول روانہ ہوگیا۔

کیا تم جانتے ہو؟



دھات سے بنی قلموں کے علاوہ پیتل، ہاتھی دانت
اور سونے سے بنی قلمیں بھی استعمال ہوتی تھیں۔

دھاتی قلم سے روشنائی کے قلم تک



قدیم زمانے میں نوکیلے پتھروں سے چٹانوں کو تراشا۔



انہوں نے دھات سے بنے تیز اوزاروں کی مدد سے مٹی کے برتنوں پر نقش ونگار کیے۔



انہوں نے غاروں میں ٹمل رسم الخط لکھا۔



انہوں نے تیز نوک والے دھاتی قلموں کا استعمال کرتے ہوئے کاغذ پر لکھنا شروع کیا۔



انہوں نے پرندوں کے پروں میں سیاہی ڈبو کر کپڑوں پر لکھا۔



انہوں نے قلم میں سیاہی بھر کر کاغذ پر لکھا۔



اب تو ڈیجیٹل قلم مل رہا ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

ٹمل ناڈو کے کیزڈی، کری کئی یور، کوڈن تور، مئی لاڈم پارئی، ستانا واسل اور ملا پاڈی جیسے علاقوں کے غاروں اور پتھروں پر پر نقش ونگاری دریافت ہوئی ہے۔

آیئے بات کرتے ہیں!

اگر آپ کو قدیم دور کی کوئی چیز لانے کے لئے کہا جائے تو آپ کس چیز کا انتخاب کریں گے، اسے کس طرح اور کس کام کے لئے استعمال کریں گے؟

آیئے تلاش کریں!

1۔ تصویر میں دی گئی چیزوں کے نام لکھیں اور پرانے زمانے کی اشیاء کو آج کے دور کی متعلقہ اشیاء کے ساتھ جوڑیں۔

(ٹوتھ برش، برقی بلب، دھاتی قلم، تاڑ کے پتوں میں تحریر، نیم کی کاڑی، کتاب، قلم، تیل کا چراغ)



2۔ دی گئی ہدایات کے مطابق رنگ بھریں۔

یہ صرف پرانے زمانے میں تھا۔

یہ صرف جدید زمانے میں ہے۔

پرانے زمانے سے آج تک بھی استعمال کی جاتی ہیں۔

◯ ٹارچ لائٹ	◯ دھاتی قلم	◯ گیس کا چولھا
◯ کثیر منزلہ عمارت	◯ اخبار	◯ دھاتی برتن
◯ موبائل فون	◯ تاڑ کے پتوں میں تحریر	◯ سل بٹہ

آیئے چھڑائیں

وقت کے ساتھ کونسی چیز میں تبدیلی آئی ہے، اس کو چھڑا کر رنگ بھریئے۔

اُس دور میں (قدیم دور)	اِس دور میں (آج کا دور)
	
	
	

بچوں کو اپنی پسند کے مطابق تصویریں بنانے اور ان میں رنگ بھرنے کے لئے رہنمائی کریں۔

سیکھنے کی جانچ

1۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے بھرتی کریں۔

(بجلی کا پنکھا، کتاب، سل بٹہ، بجلی کا چولھا)

a۔ پرانے زمانہ کے تاڑ کے پتوں کی تحریر : موجودہ زمانے میں ..... ۔

b۔ قدیم زمانے کا..... .قدیم دور : موجودہ زمانے میں گرائنڈر۔

c۔ قدیم زمانے میں کھجور سے پتوں کا پنکھا : موجودہ زمانے میں ..... ۔

d۔ قدیم زمانے کے لکڑی کا چولھا : موجودہ زمانے میں ..... ۔

e۔ قدیم زمانے کا..... : موجودہ زمانے میں ..... ۔

2۔ زبانی سوال: گھمایئے! بولئے!



1۔ بورڈ کو گھمائیں۔

2۔ تیر کا نشان کس جگہ رُکتا ہے، اس سے متعلق بات چیت کیجئے۔

ہدایات برائے اساتذہ

گھماؤ پہیہ میں موجود اشیاء سے متعلق تبادلہ خیال کرنے کے لئے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

3۔ پراجکٹ



ایک تاڑ کے پتے کی تحریر بنائیں اور اسے کلاس روم یا آرٹ گیلری میں آویزاں کریں۔

ہدایات برائے اساتذہ

دستی کتاب برائے اساتذہ کی ہدایت کے مطابق اوپر کے پراجکٹ کو مکمل کرنے کے لئے طلباء کی رہ نمائی کریں۔

میں نے جو سیکھا:

میں نے جو منتخب کیا ہے اس پر ★ رنگ بھروں گا۔

میں کرسکتا ہوں

1۔ میں روزمرہ چیزوں میں ہونے والی تبدیلیوں کا موازنہ کرکے اس کی وضاحت کرسکتا ہوں۔ ★

2۔ میں سمجھ سکتا ہوں کہ کہانیاں، نمونے، تصاویر اور تعلقات ماضی کو سمجھنے میں ہماری مدد کیسے کرتی ہیں۔ ★

دادا کی ڈائری میں ..... !

ایک شام سمتی اور بانو خزانے کے صندوق کو دیکھنے کے لئے مگلن کے گھر آئے۔

آیئے تبادلہ خیال کریں اور سیکھیں۔



داداجان : چلو ! میں تمہیں ایک تصویر دکھاتا ہوں۔

مگلن : یہ تصویر کس کی ہے؟ یہ تصویر تو میرے ابا جان کی طرح لگتی ہے۔



داداجان : یہ تو میں ہوں، مگلن !

مگلن : یہ آپ ہیں ! یہ کون سی کتاب ہے؟ اس میں یہ کیوں رکھی ہوئی ہے؟



داداجان : یہ میری ڈائری ہے، اس کے صفحات کو پڑھنے سے تمہیں خود بخود سمجھ میں آجائے گا۔

16 01 1962

منگل

آج ہم بومبوکار میں واقع دادا جان کے گھر روانہ ہوئے۔ اسی میل کا فاصلہ۔ بیل گاڑی کے بغیر اتنی مسافت طے نہیں کر سکتے۔

یہ پہلی بار تھا کہ ابا جان نے گاڑی چلائی۔ جل جل جل! جل جل! کی آواز کے ساتھ گاڑی چل رہی تھی۔



مجھے بھی گاڑی چلانے کی خواہش پیدا ہوئی۔ ابا جان نے بیل گاڑی کی رسی میرے حوالے کی۔

اور وہ پیچھے جا کر بیٹھ گئے۔ میں نے رسی اپنے ہاتھ میں لی اور اسے پکڑ لیا۔ بیل نے اپنا سر ہلایا اور اس کے گلے سے گھنٹی کی آواز آئی۔

جل جل! جل جل! اچانک سامنے سے آنے والی گاڑی کی وجہ سے اپنا رخ بدل لیا۔

بہت خوب! تم تو اچھی طرح گاڑی چلا رہے ہو۔ ابا جان نے تعریف کی۔

ہم دادا جان کے گھر پہنچ گئے۔ میں گاڑی سے کود کر نیچے اترا۔
دادا جان نے دیکھا۔ ارے! تم تو بڑے ہو گئے ہو۔
یہ کہہ کر دادا جان ہنس پڑے۔ وہ گھر کے اندر چلے گئے اور
نئے کپڑے لے کر آئے اور میں نے انہیں پہن لیا۔

کھانا تیار تھا۔ ہم نے پیٹ بھر کر کھانا کھایا۔
ہم کھیل کر خوش ہوتے رہے۔ شام کو ہم گلی میں تماشہ
دیکھنے کے لئے نکل پڑے۔ اور دریا کے کنارے ریت
پر بیٹھ کر تماشا دیکھتے رہے۔ ہم نے اچھے اچھے کھانے
کھائے اور چاندنی رات میں چلتے رہے اور گاتے ہوئے گھر پہنچ گئے۔

واہ ! کیا ہی بہترین دن تھا !



آیئے! بات چیت کریں!

کیا آپ کے گاؤں میں لوگوں کے جمع ہونے کے لئے کوئی جگہ متعین ہے؟ اس جگہ کا نام کیا ہے؟ یہ کس مقصد کے لئے استعمال ہوتی ہے؟ آپ وہاں کس لئے گئے؟

کیا تم جانتے ہو؟

1۔ پہیلیوں کے جوابات لکھیں اور اس سے متعلق تصویریں جوڑیئے۔

(کیمرہ، ڈائری)

میری تو ایک آنکھ ہے۔
میں اسی سے دنیا دیکھ سکتا ہوں اور
آپ کی تصویر بھی لے سکتا ہوں۔
بتایئے کہ میں کون ہوں؟

بند کروں تو چپ ہو جاؤں،
کھولوں تو یادوں کو سجا دوں۔
چپکے سے راز سنبھالے رکھوں۔
بتایئے کہ میں کون ہوں؟

بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اس قسم کی پہیلیاں بنائیں اور انہیں کلاس روم یا آرٹ گیلری میں آویزاں کریں۔

مگلن کی ڈائری

تاریخ : 20.10.2026

دن : منگل

میں نے اپنے دادا سے ان کے بچپن میں بیل گاڑی چلانے کے بارے میں پوچھا۔ جب کہ آج میں کھیلنے کے لئے ننگو گاڑی چلانا پسند کرتا ہوں۔

آپ کی ڈائری

تاریخ :

دن :

میں، _____

_____

_____

_____

_____



دستی کتاب برائے اساتذہ میں موجود ہدایات کے مطابق بچوں کو ڈائری لکھنے پر ابھاریں۔

تاریخ	میری ڈائری .....



کہانی سنو! کہانی سنو!

دادا نے ڈائری پڑھنے کے بعد قدیم زمانے کی کہانی کو گیت کے انداز میں سنایا۔

آیئے تبادلہ خیال کریں اور سیکھیں۔

کہانی سنو ! کہانی سنو!
دادا، دادی کی کہانی سنو!
پردادا اور پردادی کی کہانی سنو!
پرنانا، پرنانی کی کہانی سنو!
ناریل کے درخت کے سایہ تلے
مل جل کر زندگی گذارنے کی کہانی سنو!
لکڑی کے چولھے پر کھانا پکا کے
مزے دار کہانی سنو!
کہانی سنو! کہانی سنو!
برگد کے درخت پر جھولا باندھ کر
خوشی سے جھوم کر کہانی سنو!
دریا میں مچھلی پکڑ کر
نچانے والی کہانی سنو!

بچوں کو ترنم کے ساتھ گیت گانے پر ابھاریں۔



OH9JT

کہانی سنو! کہانی سنو!
سبز گھوڑے والا کھیل!
جسمانی طاقت والی کہانی سنو
شہتوت کے بیج ڈال کر
حساب سیکھنے کی کہانی سنو!

کہانی سنو ! کہانی سنو !
مرغ کے بانگ دینے کی کہانی سنو
وقت کی قدر و قیمت جاننے والی کہانی سنو
بیل گاڑی، گھوڑا گاڑی
میں سفر کرنے کی کہانی سنو
کہانی سنو ! کہانی سنو !

آیئے! بات چیت کریں۔

کیا آپ کے گھر کے جوان افراد اپنی طرز زندگی، جیسے کھانے، لباس، رہائش، کھیتی باڑی میں حصہ لیتے ہیں؟

اب ان کے طریقے کیسے بدل گئے ہیں؟

آیئے معلوم کریں!

1۔ رشتہ داروں کے نام بتائیں اور انہیں لکھیں۔

a۔ ابا کے ابا ..... (دادا / نانا)

b۔ دادی کی امی ..... (پردادی / پرنانی)

c۔ پردادا کے دادا ..... (لکڑدادا / لکڑنانا)

d۔ امی کی امی ..... (دادی / نانی)

e۔ دادا کے ابا ..... (پردادا / پرنانا)

2۔ نظم گیت سے چند الفاظ نیچے دیے گئے ہیں، ان الفاظ کی روشنی میں ان کی تفصیل بیان کریں۔

الفاظ	معلومات
گھر	ناریل کے پتوں سے بنی جھونپڑی
چولھا	
سفر	
کھیل	
وقت کی پہچان	

گیت گائیں اور لکھیں

خوشی سے اچھلیں اور کودیں اور لطف اٹھائیں۔

گیت مکمل کرنے کے لئے بچوں کی مدد کریں۔

کہانی در کہانی



سیکھنے کی جانچ

1۔ حوالہ جات پڑھیں اور سوالات کے جواب دیں۔

مدن کی دادی ماں، سل پر مصالحہ پیستی ہے۔ ان کے ابو گرینڈر میں مصالحہ پیستے ہیں۔ دادا اخبار پڑھتے ہیں، امی موبائل فون سے خبریں سنتی ہے۔

A۔ اس مضمون میں دی گئی جدید چیزیں .....

(a) موبائل فون، سل بٹہ (b) مکسی، موبائل فون

(c) اخبار، سل بٹہ (d) مکسی، ٹی وی

B۔ جدید آلات استعمال کرنے والے

(a) امی، دادا (b) ابا، دادی

(c) ابا، امی (d) نانا، نانی

C۔ دادی بجلی کو کفایت شعاری سے کیسے استعمال کرتی ہیں؟

(a) گرینڈر کا استعمال کر کے (b) موبائل فون کا استعمال کر کے

(c) سل۔بٹہ میں پیس کر (d) ٹی وی دیکھ کر

2۔ زبانی سوال

اگر آپ ڈائری لکھیں تو کس یادگار واقعے یا تجربے کے بارے میں لکھیں گے؟ اور کیوں؟

3۔ پراجکٹ

اپنے گھر کے بڑوں سے پوچھیں کہ وہ بچپن میں کون سے کھیل کھیلتے تھے اور ان کے بارے میں معلومات اکٹھا کریں۔



بچوں کو اپنے بڑوں سے کس طرح کے سوالات کرنا چاہئے؟ سمجھائیں۔



میں نے جو سیکھا

میں نے جو کچھ سیکھا ☆ میں رنگ بھروں گا۔

میں کر سکتا ہوں

1۔ میں اس وقت قدیم دور کے ٹمل والوں کی رہائش، غذا، لباس اور کھیلوں کے بارے میں بیان کرنا۔ ☆

2۔ میں آج کے طرز زندگی کا موازنہ قدیم ٹمل والوں کے طرز زندگی جیسے کھانا، کپڑے، اور کھیتی باڑی کرنا ☆

1۔ قدیم اور جدید زمانہ کی اشیاء کو چنیں اور انہیں جدول میں لکھیں۔

کتاب برقی آٹے کی مشین تاڑ کے پتوں کی تحریر لکڑی کا چولھا بس گیس کا چولھا

بیل گاڑی سل بٹہ مکسی تیل کا چراغ ہاتھ کی چکی برقی بلب

قدیم زمانہ کی چیزیں	جدید زمانے کی چیزیں
مثال : ہاتھ کی چکی	برقی آٹے کی مشین

2۔ زبانی سوال : گھمایئے! بات کیجئے۔







دستی کتاب برائے اساتذہ کی ہدایت کے مطابق طلباء کو اوپر بتائی ہوئی اشیاء کے مطابق بات کرنے کو کہیں۔

3۔ پراجکٹ :



1۔ ناریل/تاڑ کے پتے/رنگین کاغذ کے ذریعہ آرائش کی اشیاء بنایئے اور انہیں کلاس روم میں لٹکایئے۔

2۔ قدیم اشیاء کے ذریعہ کلاس روم میں ایک نمائش (Exhibition) کا انتظام کیجئے۔



دستی کتاب برائے اساتذہ کی ہدایت کے مطابق طلباء کو اوپر بتائی ہوئی اشیاء کے مطابق پراجکٹ کو مکمل کرنے کو کہیں۔

اکائی 2

سفر کردہ راستے

پیدل سفر.....!

مگلن کو اپنے دادا کے ساتھ کٹھ پتلی کا کھیل دیکھنا اچھا لگتا ہے۔



آیئے تبادلہ خیال کر کے سیکھیں



ایک مسخرہ جارہا ہے، منوہر اس کے سامنے سے آرہا ہے۔



جوکر : بھائی! بھائی! تم کون ہو۔.....

منوہر : ہاں، میں منوہر ہوں۔ بتاؤ تم کون ہو؟

جوکر : میں ایک جوکر ہوں، جو آپ کو ہنساتا ہوں اور آپ کو سوچنے پر مجبور کرتا ہوں۔

جوکر : ٹھیک ہے! تمہارے تھیلے میں کیا ہے؟



منوہر : فصل کاٹ کر اسے میں اپنی بہن کے گھر لے جا رہا ہوں۔

جوکر : اسے اس راستہ میں اپنے سر پر رکھ کر لے جانے سے سر میں درد ہو سکتا ہے۔

منوہر : وہ دیکھو! سامنے ایک چبوترہ نظر آ رہا ہے۔ اپنا تھیلا وہاں رکھ کر کچھ دیر آرام کر لوں گا۔

جوکر : اوہ! اوہ! بہت خوب۔

منوہر : گھنے جنگل کے اندر کل کل کی آواز نکال کر گاتے ہوئے۔

جوکر : یہ تو چلچلاتی دھوپ کا گیت ہے۔

منوہر : گیت گاؤ گے تو جنگل کے جانور بھاگ جائیں گے۔

جوکر : اچھا! چلو! تم تو مذاق کر رہے ہو، دھوپ بہت تیز ہے، اگر اور چلو گے تو تمہیں پیاس لگے گی۔



منوہر : اس راستہ پر ایک درخت ہے، جس سے ہمیں سایہ مل سکتا ہے، پیچھے مڑ کر دیکھو، اپنی پیاس بجھانے کے لئے سڑک کے قریب تالاب میں پانی کا انتظام ہے۔

بچوں سے کہئے کہ پرانے زمانے میں سڑک کے قریب پانی کا انتظام تالاب کے ذریعہ کیا جاتا تھا۔



جوکر : واہ! پانی تو بڑا لاجواب ہے۔

جوکر اور منوہر ایک لمبا فاصلہ طے کرتا ہے اور شام ہو جاتی ہے۔

جوکر : رات ہونے والی ہے۔
مجھے بہت بھوک لگی ہے۔

منوہر : اوہ دیکھو! تھوڑے فاصلہ پر ایک گاؤں نظر آ رہا ہے جہاں ایک سرائے ہے وہاں جا کر کھاتے ہیں۔

جوکر : آداب جناب! آداب۔ٹھیک ہے۔ہم یہاں کھا کر سو جائیں گے۔
آداب۔آداب! شکریہ۔



ہدایات برائے اساتذہ

کٹھ پتلی کے کھیل کا مظاہرہ کریں اور ہر کردار کی آواز نکال کر اس کے بارے میں بات چیت کریں۔

آیئے ! بات چیت کریں۔

پہلے زمانے میں جب موبائل فون یا خطوط سے رابطہ نہیں ہوتا تھا تو لوگ ایک شہر سے دوسرے شہر تک کیسے خبر پہنچاتے تھے

آیئے! لکھیں۔

1۔ جملہ مکمل کیجئے۔

(موبائل فون، سل بٹہ، بس، ہوٹل، ہوائی جہاز، مکسی، پیدل سفر کرنا، سرائے، کبوتر)

a۔ اس زمانے میں لوگ پیدل سفر کرتے تھے، لیکن آج بس سے سفر کرتے ہیں۔

b۔ اُس وقت : .....

آج کل : .....

c۔ اُس وقت : .....

آج کل : .....

d۔ اُس وقت : .....

آج کل : .....

2۔ اگر آپ کو دُور جانا ہے تو آپ کس گاڑی میں جائیں گے؟ محفوظ سفر کے لئے دو باتیں بتائیں۔

آیئے! کر کے دکھائیں۔



* ایک قافلہ کا، پرانے زمانے میں سفر کرنے کا منظر پیش کرنا۔ (پیدل سفر، بیل گاڑی سے سفر)
* دوسرا گروہ جدید دور میں سفر کرنے کا منظر پیش کرتا ہے۔ (بس، کار)

بچوں کو مختلف سفر کے ذرائع سے متعلق معلومات کرائیں۔

آیئے چھڑائیں

* جب مگلن کے دادا جوان تھے تو وہ جہاں بھی سفر کرتے ، وہاں کی تصویر چھڑاتے تھے۔ جیسے سرائے، کنویں اور بوجھ اٹھانے والے مزدور، وغیرہ۔ مگلن ان تصویروں کو دیکھ کر بتایا کہ وہ بھی ان راستوں سے گذرا ہے۔

* جب تم گھر سے کسی قریبی جگہ جاتے ہیں تو وہاں موجود راستے میں جو کچھ نظر آئے اس کی تصویر لیں۔



بیل گاڑی کا سفر.....!

کٹھ پتلی کا کھیل دیکھ کر گھر لوٹنے کے بعد مگلن کے دادا سے اپنے سفر کے متعلق بات چیت کی۔

آیئے بحث کریں اور سیکھیں۔

OZ2AW

گاڑی میں بیلوں کو باندھ کر، دوپہر کا کھانا لے کر،
گھاس جمع کر کے، آخر کار ہم گھر سے نکلے
چاولوں کی بوری احتیاط سے لے جائیں
طویل سفر، لمبا سفر، طے کرنا ہے

اب بیل گاڑی میں سفر کرنا ہے
چلو بیل گاڑی میں، تازہ دم ہو کر

بیل گاڑی چلانا گھنٹی کی آواز سن کر
گیت گانا گاؤں میں بازار ڈھونڈنا
راستہ ہے طویل، گاڑی ہے بھاری
چلو بیل گاڑی میں، تازہ دم ہو کر



چاول کی بوریاں لاد کر
نمک، دال لے کر گاؤں کی کہانی سننا
گاڑی کے پہیوں میں تیل ڈال کر
راستہ ہے طویل، گاڑی ہے بھاری
چلو بیل گاڑی میں، تازہ دم ہو کر

بیل گھاس کھاتا ہے اور پانی پیتا ہے
ہم بھی اپنا دوپہر کا کھانا لائے ہیں
تھوڑی دیر آسمان کے سایہ میں
بادل اور پرندوں کے اڑنے کا منظر
چلو بیل گاڑی میں، تازہ دم ہو کر

رات کی تاریکی میں، ہم نے
جانوروں کو باندھا آرام کے لئے
تیل کے چراغ کو باندھا گاڑی میں
گیت گاتے گاتے، سب ایک ساتھ
چلو بیل گاڑی میں، تازہ دم ہو کر

آخر کار ہم نے گیت گایا
جل جل.....جل جل.....
گھنٹیاں بجنے لگیں، گاڑی کی
راستہ طویل ہے، مگر گھر قریب ہے
چلو بیل گاڑی میں، تازہ دم ہو کر

طلباء کو اس نظم کو پڑھنے کے لئے ابھاریں۔



آیئے! بات کریں

مگلن کے گھر والے بازار گئے اور وہاں سے انہوں نے چیزیں خریدیں۔ بتایئے کہ ہم سب کیسی چیزیں خریدنا پسند کریں گے؟

آیئے لکھیں۔

1۔ اشاروں کی مدد سے کہانی مکمل کریں۔

(گاڑی کی کیل، دھان کی بوری، گھاس کا بنڈل، تیل کا چراغ، کھانے کا توشہ)

ایک دن بیل گاڑی میں

2۔ بازار جاتے ہوئے گاڑی کا پہیہ اچانک ٹوٹ جاتا ہے۔ بتایئے کہ آپ کیا کریں گے؟

آیئے! اداکاری کریں۔



- ایک شخص صحافی ہے
- دوسرا بیل گاڑی ہانکنے والا یا بس کا ڈرائیور ہے۔

سوالات کے جوابات لکھیں۔

a۔ آپ کی گاڑی کس کام آتی ہے؟

b۔ یہ لوگوں کی مدد کیسے کرتی ہے؟

بچوں کو اس قسم کے مزید سوالات بنانے کے لئے کہیں۔

گھوڑا گاڑی کا سفر.....!

کلاس روم میں مگلن اپنے دادا کے سفر کے تجربات کو سنا رہا ہے۔ یہ سن کر ان کے استاد .....

آیئے! بحث کریں اور سیکھیں۔

استاد: گھوڑے بیل سے زیادہ تیز دوڑتے ہیں، اس لئے قدیم زمانے میں لوگ سفر کے لئے گھوڑوں کا استعمال کرتے تھے۔

سمتی: کیا گھوڑا گاڑی کھینچتا ہے ؟



استاد: گھوڑا ایک طاقتور جانور ہے، وہ گاڑی چلاتا ہے اور ہم اس پر سوار ہو کر سفر کر سکتے ہیں۔

بانو : اس پر سوار آدمی نہیں گرے گا؟

استاد: نہیں! گھوڑے پر زین ہوتی ہے، اس لئے سوار آسانی سے نہیں گرتا۔ اور گھوڑے کو پٹی باندھی جاتی ہے، تا کہ وہ راستہ بھٹک نہ پائے، اس لئے بغیر کسی ڈر کے اس پر سفر کر سکتے ہیں۔

مگلن: گھوڑے سے اور کیا کام لئے جا سکتے ہیں؟

استاد: گھوڑوں سے پہاڑوں میں سفر کرنے، حفاظت، تجارت، شکار اور مقابلوں میں حصہ لینے کے لئے استعمال کئے جاتے تھے، لیکن آج پیدل سفر سے لے کر ہوائی سفر تک نقل و حمل کے ذرائع میں بہت ترقی ہو چکی ہے۔

کیا تم جانتے ہو؟

گھوڑے کھڑے ہو کر بھی سو سکتے ہیں۔



آیئے ایک دوسرے کو بتائیں

اپنے مقام میں سواری کے لئے اکثر کونسا ذریعہ استعمال کیا جاتا ہے؟ کیوں؟

آیئے لکھیں

1۔ نیچے دئے گئے مقامات پر سواری کے لئے مناسب ذریعہ کا انتخاب کیجئے اور اس کی وجہ بتایئے۔

مقام	سفر کا ذریعہ	کیوں
پہاڑ		
شہر		
ندی		

2۔ نیچے دی گئی تصویر کو دیکھیں، سوچیں کہ اس میں موجود لوگ کیا بات کر رہے ہیں، پھر اسے اپنے الفاظ میں لکھیں۔



سیکھنے کی جانچ

1۔ نقل وحمل کے درج ذیل ذرائع کی درجہ بندی کریں اور کسی دو سواریوں کے استعمالات لکھیں۔

(مٹرو ریل، گھوڑا گاڑی، بیل گاڑی، کار)

پرانے زمانے کی آمدورفت کے ذرائع	نئے دور کی آمدورفت کے ذرائع

1. _____

2. _____

2۔ زبانی سوال : کوئی ایک تصویر منتخب کریں۔ یہاں سے نقل وحمل کا کون سا طریقہ بہتر ہے؟ اور کیوں؟ بحث کریں۔






ہدایات برائے اساتذہ

طلباء کو اوپر کی تصویر کے مطابق بات کرنے کے لئے ابھاریں۔

3۔ پراجکٹ : اپنے گھر میں دادا، دادی، دوستوں یا رشتہ داروں سے بات کریں اور ان سے پرانے زمانے کے نقل وحمل کے ذرائع کے بارے میں پوچھیں۔ نیچے دئے گئے سوالوں کے جوابات لکھیں اور انہیں اپنی کلاس میں پڑھ کر سنائیں۔

☆ آپ نے بچپن میں کون سا ذریعۂ نقل وحمل استعمال کیا تھا ؟

☆ ان ذرائع سے آپ نے کہاں کا سفر کیا تھا ؟

☆ ان ذرائع کے بجائے آپ اب کونسی سواری استعمال کرتے ہو؟

میں نے جو سیکھا

ہدایات برائے اساتذہ

دستی کتاب میں دی گئی ہدایات کے مطابق بڑوں کے پاس اس طرح کے سوالات کرنے کو کہیں۔

میں نے جو کچھ سیکھا میں رنگ بھروں گا۔

میں کرسکتا ہوں

1۔ میں پرانے زمانے کے سفر کے تعلق سے کہانیاں سنا سکتا ہوں

2۔ میں پرانے اور نئے نقل وحمل کے ذرائع کی درجہ بندی کرسکتا ہوں۔



1۔ سوچیں اور جواب دیں

A۔ انسانی نقل وحمل کی تاریخ میں وہ کون سی سب سے اہم ایجاد ہے، جس نے سفر کو آسان اور تیز بنایا۔

(a) رسی (b) لکڑی (c) پہیہ (d) پتھر

جواب : .....

B۔ وہ کون سے جانور ہیں جو نقل وحمل اور سفر میں ہماری مدد کرتے ہیں.

(a) بکری اور بندر (b) بیل اور گھوڑا

(c) بیل اور کتا (d) بکری اور گھوڑا

جواب : .....

C۔ قدیم زمانے سے جدید زمانے میں نقل وحمل کی ترقی کیسے ہوئی ہے؟

a) بس ← پیدل ← بیل گاڑی

b) بس ← بیل گاڑی ← پیدل

c) بیل گاڑی ← پیدل ← بس

d) پیدل ← بیل گاڑی ← بس

جواب : .....

D۔ دادی نے اپنے پوتے سے کہا، 'جب ہم چھوٹے تھے تو بیل گاڑی میں بیٹھ کر سارا دن سفر کرتے ہوئے قریبی گاؤں جاتے تھے۔ لیکن آج ہم تقریباً ایک گھنٹہ میں بس کے ذریعہ اسی گاؤں کو پہنچ جاتے ہیں۔ اس کی اصل وجہ کیا ہے؟

2۔ زبانی سوال : اگر نقل وحمل کے ذرائع نہ ہوں تو ہم زرعی مصنوعات کو عوام تک کیسے پہنچا سکتے ہیں؟

قدیم زمانے میں لوگوں تک کیسے پہنچتے تھے، اس سے متعلق بات چیت کرنے کو کہیں۔

3۔ پراجکٹ

1۔ مشاہدہ کرکے جواب دیجئے۔

اپنے گھر یا اسکول کے قریب بیس سے تیس منٹ تک آنے اور جانے والی گاڑیوں کا مشاہدہ کریں۔ ان کے نمبرات کو ایک چارٹ میں درج کریں، ان گاڑیوں کی تصویریں بنائیں۔

درج ذیل سوالات پر غور کر کے جوابات لکھیں۔

a۔ آپ نے ابھی تک کون سی سواری سب سے زیادہ دیکھی ہے؟ وجہ بتائیے۔

b۔ وہ کون سی گاڑی ہے جو بہت کم نظر آتی ہے؟ اس کی وجہ بتائیے۔

c۔ وہ کون سی سواری ہے جو سب سے زیادہ آمدورفت کے کام آتی ہے۔ وجہ بتائیے۔

d۔ اگر آپ کے علاقہ میں بس نہ ہو تو بتائیے کہ لوگ کیسے سفر کریں گے؟

2۔ پیدل سفر سے لے کر ہوائی جہاز کے سفر تک نقل وحمل کی ترقی پر ایک تصویری کتاب، اسکرپ بک یا پوسٹر تیار کریں اور اسے کلاس روم کی آرٹ گیلری میں آویزاں کریں۔





دستی کتاب کی ہدایت کے مطابق بچوں کو پراجکٹ مکمل کرنے کے لئے رہنمائی کریں۔

لغت اہم الفاظ اور اس کے معنی		
1	loft	کسی کمرے کے اوپری حصہ یا تختہ کی الماری
2	*ezhuthani*	دھاتی قلم
3	symbol	نشان یا علامت
4	*olaisuvadi*	تاڑ کے پتوں کی تحریر
5	*achani* (axle pin)	بیل گاڑی کے دو پہیوں کے درمیانی سلاخ کو روکنے کی میخ
6	fire torch	مشعل، تیل میں بھگوئے ہوئے ایک کپڑے کا ٹکڑا جو جلانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
7	*sumaithaangi* (rest stone)	دو ستونوں کے درمیان رکھا ہوا ایک لمبا پتھر
8	miles میل	طول کے پیمائش کی ایک قدیم اکائی
9	flick جھاٹی	جانوروں کو تیز دوڑانے کے لئے لگائی جانے والا کوڑا۔
10	saddle	گھوڑے کی زین
11	blinkers	گھوڑے کی آنکھوں پر ڈھکا ہوئی پٹی جو اسے آزو بازو دیکھنے سے روکتا ہے۔
12	to train	سدھانا۔

تدریسی سفر


پرانے زمانے کے نقل وحمل کے ذرائع کا آج کے نقل وحمل کے ذرائع سے موازنہ کرنا۔
لوگوں کے آمد ورفت اور سامان کے نقل وحمل میں جانوروں کے کردار کو ظاہر کرنا۔
آج کی روزمرہ زندگی اور قدیم ٹمل والوں کی طرز زندگی (غذا، کپڑے اور کھیتی باڑی وغیرہ) کے درمیان فرق بیان کرنا۔
تاریخ کی روشنی میں کہانیاں، چیزیں، جگہیں اور لوگوں کے باہمی تعلقات کی وضاحت کرنا۔
ایک جیسی چیزوں کے استعمال کا فرق بتائیں۔

Standard 3 - Mathematics - Term -II - Urdu Medium
Text book Translation Team

Co-ordinator

Dr. T. Jayagandhi,
Senior Lecturer, SCERT, Chennai-6.

Reviewer

Mohamed Jaweed Akram
P.G. Assistant,
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

Translation Team

Syed Masood Ahmed,
Urdu Munshi,
Osmania Higher Secondary School,
Tirupattur.

H. Mohammed Fairooze
B.T. Assistant,
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

B. Abdul Haleem
SGT, MMG Pry. School, Dharnampet,
Gudiyattam, Vellore District.

P. K. Nazia Nikhath
SGT, Haji Essa Abba Sait, APS,
Chennai-1.

Art and Design Team

M. Amalraj,
Layout Co-ordinator
B.T. Asst., SCERT, Chennai.

C. Prasanth, Designer

S. Ashok kumar, Designer

Illustration

R. Velmurugan

K. Dhanas deepak rajan

Wrapper Design

Kathir Arumugam

Urdu DTP & Layout

TAJ Printers, Vaniyambadi.

Standard 3 - Science - Term -II - Urdu Medium

Text book Translation Team

Co-ordinator

Dr. T. Jayagandhi,
Senior Lecturer, SCERT, Chennai-6.

Reviewer

H. Mohammed Fairooze
B.T. Assistant,
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

Translation Team

Mohamed Jaweed Akram
P.G. Assistant,
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

Syed Bilal Ahmed
B.T. Assistant, PUU Boys Middle School,
Jaffarabad, Alangayam Union
Tirupattur District.

B. Abdul Haleem
SGT, MMG Pry. School, Dharnampet,
Gudiyattam, Vellore District.

P. K. Nazia Nikhath
SGT, Haji Essa Abba Sait, APS,
Chennai-1.

Art and Design Team

M. Amalraj,
Layout Co-ordinator
B.T. Asst., SCERT, Chennai.

B. Yogesh, Designer

M. Yesu Rathinam, Designer

Illustration

R. Rajesh

S. Ramesh Kumar

Cover Design

Kathir Arumugam

Urdu DTP & Layout

TAJ Printers, Vaniyambadi.

Standard 3 - Social Science - Term -II - Urdu Medium
Text book Translation Team

Co-ordinator
Dr. T. Jayagandhi,
Senior Lecturer, SCERT, Chennai-6.

Reviewer
Mohamed Jaweed Akram
P.G. Assistant,
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

Translation Team
Syed Masood Ahmed,
Urdu Munshi,
Osmania Higher Secondary School,
Tirupattur.

H. Mohammed Fairooze
B.T. Assistant,
Islamiah Boys' Higher Secondary School,
Vaniyambadi, Tirupattur District.

B. Abdul Haleem
SGT, MMG Pry. School, Dharnampet,
Gudiyattam, Vellore District.

P. K. Nazia Nikhath
SGT, Haji Essa Abba Sait, APS,
Chennai-1.

Art and Design Team
M. Amalraj,
Layout Co-ordinator
B.T. Asst., SCERT, Chennai.

R. Mathan Raj, Designer

Cover Design
Kathir Arumugam

Urdu DTP & Layout
TAJ Printers, Vaniyambadi.

This book has been printed on 80 G.S.M.
Elegant Maplitho paper.
Printed by offset at: